Draw, *v. t.* To pull along ; to attract ; to unsheathe ; to inhale ; to extract ; to suck ; to write ; to deduce : کھینچنا - کشش کرنا - نکالنا - باهر کرنا - دم لینا - کشید کرنا - چوسنا - لکھنا - نتیجہ نکالنا * **To—aside,** To remove to one side : هٹا لینا * **To—back,** To retreat ; to withdraw : * هٹ جانا - پھرنا **To—forth,** To take out : باهر نکالنا * To arrange : صف کھینچنا * To elicit : * بندي کرنا

*To—in, To entice : پھسلانا * To contract : سمیٹ لینا * To approach : نزدیک آنا * To —off, To extract : نکالنا * To divert : پھیر دینا * To—on, To advance : بڑھنا * To demand payment by bill : ھنڈوي کرنا * To cause to descend : نازل کرنا * To draw information from : اخذ کرنا - معلوم کرنا *To—out, To pump out ; to extract : اِقرار کرنا - کھلا لینا * To arrange in regular order : صف آراي کرنا * To—up, To compose in one form : تیار کرنا - مرتب کرنا * To—one's self up : To rise to full height : اکڑ کر کھڑا ھونا

Drawback, *n.* Duty refunded on goods ; a discouragement or hindrance : چھوٹ - پھرتا - روک - نقص - خرابي

Syn.—Disadvantage, detriment, deficiency, imperfection.

Drawbridge, *n.* A bridge made to draw up : تختہ کا پل

Drawer, *n.* One who draws ; a sliding box : کھینچنے والا - نکلنے والا دراز

Drawing, *n.* Delineation ; representation : نقشہ - خاکہ - تصویر

Drawing-room, *n.* A room for the reception of company : ملاقات کرنے کا کمرہ - گول کمرہ

Drawl, *v. t.* To utter slowly : گنگنانا - چبا کر بولنا

Drawn, *pp.* of **draw**, pulled : *—a.* Equal : مساوي * A—battle, A battle in which neither party wins : برابر کي لڑائي * To be at daggers—, To be at enmity : دشمني رکھنا

Dray, *n.* A low cart for heavy burdens : چھکڑا - نیچي گاڑي

Dray-horse, *n.* A cart horse : چھکڑیکا گھوڑا

Dread, *n.* Great fear ; terror : awe : دغدغہ - خوف - دھشت

——, *v. i.* To be in great fear : خوف زدہ ھونا - ڈرنا

Dreadful, *a.* Awful ; terrible : دھشت ناک - خوفناک

Syn.—Fearly, terrible, shocking.

Dreadless, *a.* Fearless ; daring : نڈر - جرات والا

Dream, *n.* A sleeping vision ; idle fancy : خواب - سپنا - وھم

——, *v. i.* To imagine during sleep ; to idle : خواب دیکھنا - سپنا دیکھنا - سستی کرنا

Drear, *a.* Dismal ; gloomy : ھولناک - خوفناک - سنسان

Dreariness, *n.* Gloominess : تاریکي

Dreary, *a.* Mournful ; dismal : تاریک - ھیبت ناک - سنسنان

Syn.—Gloomy, cheerless, dismal, dark.

Dredge, *n.* An oyster-net : سیپیوں کا جال

——, *v. t.* To catch or gather with a dredge : جال سے پکڑنا

Dregs, *n. pl.* Sediment of liquors ; lees ; refuse : - تلچٹ کھلي - سیٹھي

Syn.—Sediment, lees, grounds, feculence.

Drench, *v. a.* To wet thoroughly : ترکرنا - بھگونا

Syn.—Saturate, soak, steep, imbibe, wet.

Dress, *v. t.* To clothe ; to adorn ; to cover a wound ; to trim ; to cook ; to adjust : پھننا - سجانا - مرھم پٹّي کرنا - چھانٹنا - پکانا - درست کرنا

Syn.—Attire, apparel, clothe, array, deck.

Dresser, *n.* One who dresses : *آراستہ کرنیوالا A table on which food is prepared : باورچي خانہ کي میز

Dressmaker, *n.* A maker of ladies' dresses : درزي - خیاط

Drey, *n.* A squirrel's nest : گلھري کا کھوتا

Dribble, *v. i.* To fall in drops : قطرہ قطرہ ٹپکنا - چونا - رسنا

Driblet, *n.* A very small drop ; a small quantity or sum : چھوٹا سا قطرہ - ریزہ - ذرہ - ٹکڑا

Drift, *n.* That which is driven ; a pile of snow or sand ; tendency ; direction ; meanings : بہاؤ - انبار - ڈھیر - جھکاؤ - سمت مراد - فحواء کلام

Drift, *v. t.* To drive into heaps: بہاکر ڈھیر کرنا

Drill, *v. t.* To pierce with a drill; to bore : سالنا - سوراخ کرنا * To train soldiers: فوج کو قواعد سکھانا

Drill, *n.* A pointed instrument for boring holes : برما * Military exercise : فوجي قواعد - صف آرائي

Drill-master, *n.* A trainer in military or gymnastic exercises : جنگي قواعد یا کسرت سکھلانیوالا

Drill-plough, *n.* A plough for sowing grain : ناج بونے کا ھل

Drink, *v. i.* To swallow liquors; to quench thirst ; to imbibe : * To پینا - مے نوشي کرنا - چوسنا —down, To swallow : پي لینا * To reduce : گھٹانا * To—in, To absorb : * جذب کرنا To—up, To consume : تمام کر جانا To—to the health of, To signify good will to, while drinking : ‌ سلامتي کا جام پینا To—off, To finish a draught: * سب پي لینا To—deep, To indulge in liquor to excess : * مدھوش ھونا To—like a fish, To drink copiously : کثرت سے پینا

Drip, *v. t.* To fall in drops : ٹپکنا

Drive, *v. t.* To push forward ; to impel ; to force into ; to guide or go in a carriage : چلانا - دھکا دینا - آگے سرکانا - دوڑانا * ھانکنا - گھسیڑنا - سواري پر جانا To—about, To hunt about: ڈھونڈھنا * To take excursions : ھوا کھانا * To—at, To tend towards : ارادہ کرنا * To mean : * مطلب رکھنا To—away, To

expel : نکالنا * To scatter : پھیلانا
* To—forth, To impel : آگے ٹھیلنا * To—in, To force in : ٹھوسنا

Drive, *n.* A carriage excursion; a road prepared for driving : گاڑي کي سواري - گاڑي جانے کا چکر

Drivel, *v. t.* To slaver; to be weak or foolish : رال ٹپکانا-کمزور یا بیوقوف ہونا

Driveller, *n.* An idiot : احمق - گاودي

Driver, *n.* One who drives : ہانکنے والا - گاڑي بان

Drizzle, *v. t.* To rain gently; to fall in small drops : پھوہار پڑنا - ترشح ہونا - چھوٹي چھوٹي بوند ہوکر گرنا

Droll, *n.* A jester; a farce : مسخرا - سوانگ - نقل

——, *a.* Ludicrous; odd : تماشے کا - ہنسي کا - عجیب

Drollery, *n.* Buffoonery; idle jokes : مذاق - ظرافت - تمسخر

Dromedary, *n.* A camel with one hunch : سانڈني - ناقہ

Drone, *n.* The male of the honey bee; a sluggard : مگس نر - شہد کي نر مکھي - سست آدمي - کاہل

——, *v. i.* To live in idleness; to hum : سستي میں گذارنا - بھنبھنانا

Droop, *v. i.* To hang down; to pine away; to be dispirited : جھکنا - مرجھانا - پژمردہ ہونا

Drop, *n.* A globule of moisture; a small quantity : بوند - قطرہ * Act of falling : ڈرہ * ٹپک Earings : لٹکن

Drop, *v. t.* To let fall : گرانا - چوانا

——, *v. i.* To fall in drops : ٹپکنا - چونا * To—down, To fall down : گر جانا * To—in, To come accidentally : لاحاصل آپڑنا * To—through : ہوجانا * To take a—too much, To be intoxicated : نشے میں ہونا - مدہوش ہونا

Droplet, *n.* A little drop : چھوٹا قطرہ - بندکي

Dropsical, *a.* Diseased with dropsy : جلندري - مستسقی

Dropsy, *n.* A collection of water in the body : استسقی - جلندر

Drosky, *n.* A four-wheeled Russian carriage : چارپہئے والي روسیونکي گاڑي

Dross, *n.* The scum of metals; rust; refuse : میل - زنگ - فضلہ

Drought, (drout), *n.* Want of rain; dryness; thirst : خشک سالي - قحط - خشکي - تشنگي

Drove, *n.* A number of animals driven : جانوروں کا جھنڈ

Drown, *v. t.* To overwhelm in water; to overflow; to overpower : ڈبونا - غرق کرنا - غالب آنا

Drowse, *v. t.* To sleep unsoundly; to slumber : جھپکي لینا - اونگھنا

Drowsiness, *n.* Sleepiness : اونگھ - غنودگي - نیند

Drowsy, *a.* Inclined to doze; dull : خواب آلودہ - آلسي - سست

Drub, *v. t.* To beat heartily; to thrush: ٹھونکنا - پیٹنا - کوٹنا

Drubbing, *n.* A beating; a thrashing: مار پیٹ - ٹھونک ٹھانک

Drudge, *v. t.* To work hard; to labour in mean offices: محنت کرنا - غلامي کرنا - مزدوري کرنا

Drudgery, *n.* Mean labour; hard work: غلامي - سخت محنت - مزدوري

Drug, *n.* A medicine: دوا - بوٹي * An article of slow sale or no demand in the market: سودا جسکا کوئي گاهک نه هو

——, *v. t.* To administer drugs: دوا ملانا - نسخه لکهنا

Druggist, *n.* One who deals in drugs: دوافروش - دوا ساز - عطار

Drum, *n.* An instrument of military music; the barrel of the ear: ڈهول - نقاره - کان کا پرده

——, *v. i.* To beat a drum: ڈهول بجانا

Drumble, *v. i.* To drone; to be sluggish: اونگهنا - الکسانا

Drunkard, *n.* One addicted to excessive drinking: شرابخوار - نشے باز - شرابي - متوالا - پیکڑ

Drunkenness, *n.* Intoxication; inebriation: مے خوري - نشه بازي

Dry, *a.* Free from moisture; thirsty; sarcastic: خشک - پیاسا - طعنه آمیز * —**lodgings**, Sleeping accommodation only: سراے - اُترنے کا مقام * —**nurse**, Opposed to wet-nurse: دایه جو صرف بچه کي پرورش کرتي هے - جو دودهه پلاتي هے اوسکو Wet-nurse کهتے هیں

Dry, *v. t.* To free from moisture; to drain; to exhaust: خشک کرنا - سکهانا - جذب کرنا

Dryness, *n.* Want of moisture; quiet humour: خشکي - رکهائي

Dual, *a.* Expressing the number two: دوهرا - مثنی * (Gram.) That number which is used when two persons or things are spoken of: صیغهٔ تثنیه

Dub, *v. t.* To confer a title; to strike with a sword: خطاب عطا کرنا - تلوارسے مارنا - ضرب دینا

Dubious, *a.* Doubtful; uncertain; not clear: مشکوک - مشتبه - پیچیده - مذبذب

Syn.—Doubting, uncertain, unsettled.

Dubitable, *a.* Very uncertain; open to doubt; doubtful: غیر مقرر - مشتبه - مشکوک

Ducal, *a.* Pertaining to a duke: ڈیوک کے متعلق

Duchess, *n.* The wife of a duke: ڈیوک کي بیگم

Duchy, *n.* The territory of a duke: ڈیوک کا علاقه - نواب کي ریاست

Duck, *n.* A waterfowl: مُرغابي - بط

Duckling, *n.* A young duck: بط کا بچّه

Duct, *n.* A tube; a channel; a passage: نل - موري - نالي

Ductile, *a.* Flexible ; easily led; docile : لچک دار - ملایم - نرم - تربیت پذیر

Ductility, *n.* Flexibility ; docility : ملائمیت - تربیت پذیری

Dudgeon, *n.* Anger ; resentment ; malice ; discord : خفگی - رنجش - ناراضی - نااتفاقی

Due, *a.* Owed ; proper to be paid ; fit ; owing to: واجب‌الوصول - واجب الدین - مناسب - درست - بسبب

——, *n.* That which belongs to one ; right ; custom ; - مطالبہ حق اختیار - محصول - دستور

Duel, *n.* A combat between two persons : دو آدمیونکی باہم لڑائی - کُشتی

Duet, *n.* A musical composition for two performers : راگ جسکو دو آدمی ملکر گائیں یا بجائیں

Dug, *n.* The pap or nipple of a beast : تھن - پستاں

Duke, *n.* One of the highest order of nobility in England : انگلستان کے بڑے درجہ کا امیر

Dukedom, *n.* Possession or title of a duke : ڈیوک کا علاقہ یا رتبہ

Dulcet, *a.* Sweet to the taste, the ear or the mind ; harmonious : شیریں - لذیذ - خوش آواز - رسیلی - میٹھی

Dulcify, *v. t.* To sweeten ; to set free from acidity : شیریں کرنا - میٹھا کرنا - تلخی دور کرنا

Dulcimer, *n.* A kind of musical instrument : ایک ستار کی قسم کا باجا

Dull, *a.* Slow of understanding; stupid : کند - احمق - سُست

——, *v. t.* To make dull ; to stupify ; to make blunt : کند کرنا - احمق بنانا - بے رونق کرنا *—**brained,** Of stupid intellects : کوڑہ مغز *—**color,** Light colour : پھیکا رنگ *—**market,** Market not brisk : مندہ بازار

Dullard, *n.* A stupid person ; a blockhead : احمق - کودن

Dully, *ad.* Stupidly : بیوقوفی سے

Dulness, *n.* Stupidity ; weakness of intellect ; dimness : احمق - کند ذہنی - دھوندھلاپن

Duly, *ad.* Fitly ; properly ; regularly : درستی سے - واجبی طور سے - حساب ضابطہ - برابر

Dumb, *a.* Deprived of speech ; mute ; silent : گونگا - مون - خاموش

Syn.—Mute, silent, speechless.

Dumb-bells, *n.* Two spheres of iron, connected by a bar for swinging in the hands : مگدر

Dumbness, *n.* Inability to speak ; muteness : گونگاپن - خاموشی

Dump, *n.* Sorrow ; melancholy ; sadness : غم - ملال - اُداسی

Dun, *a.* Of a dark colour ; partaking of brown and black ; obscure : سمند - بھورے اور کالے رنگ کا - کالا

——, *n.* A dark colour: سمند رنگ * A clamorous, troublesome creditor ; متقاضی - دستکی

Dun, *v. t.* To urge for a debt : تقاضا کرنا

Dunce, *n.* A dullard ; a blockhead : بیوقوف - احمق - گاودي

Dune, *n.* A low hill of sand on a sea coast : بالو کا اونچا کرارا

Dung, *n.* The excrement of an animal ; manure : گوبر - لید - گندگي - کھاد - پانس

Dungeon, *n.* A close prison : زندان - حبس - قید خانہ

Dunghill, *n.* A heap or accumulation of dung : گھورا - گوبر کا ڈھیر

Dupe, *n.* One easily cheated ; a gull : سادہ لوح - بھولا - بھوندو

——, *v. t.* To deceive : دغا دینا

Duplicate, *a.* Double ; twofold : مثنی - دوچند - دوگنا

——, *n.* An exact copy ; a transcript : مثنی - نقل

——, *v. t.* To double ; to make a copy of : دوگنا کرنا - مثنی بنانا

Duplicity, *n.* Doubleness ; deceit : دو رنگي - دو زباني - فریب - دغا

Syn.—Dissimulation, deceit, guile.

Durability, *n.* The power of lasting : پایداري - مضبوطي

Durable, *a.* Lasting ; permanent : پایدار - استوار - مضبوط

Duration, *n.* Continuance ; length of time : استقامت - قیام - مدت - زمانہ

Duress, *n.* Constraint ; hardship : قید - کشت - دُکھ

During, *prep.* In the time of ; continuing : درمیان میں - اندر - در اثنا

Dusk, *n.* Tendency to darkness ; twilight ; darkness of colour : کچھ کچھ اندھیرا - شام - دھوندھلاپن

Dusky, *a.* Tending to darkness ; gloomy : دھوندھلا - کالا

Dust, *n.* Fine sand: *خاک - مٹي

To throw—in one's eyes, To mislead or to blind one : کسي کے انکھ میں دھول ڈالنا - دھوکا دینا

——, *v. a.* To brush dust from ; to reduce to powder : خاک جھاڑنا - سفوف کرنا - جھاڑو دینا

Duteous, Dutiful, *a.* Obedient ; respectful : فرمانبردار - مودب

Dutiable, *a.* Subject to the payment of a duty : قابل محصول

Duty, *n.* What is due from one to another ; military service ; obedience ; tax or customs : فرض - خدمت - فرمانبرداري - ادب - محصول - رسوم

Dwarf, *n.* A person below the usual size : بونا - ٹھنگنا - ناٹا

Dwarfish, *a.* Below the usual size ; little ; low : ٹھنگنا - ناٹا - پستہ‌قد - نیچا

Dwell, *v. i.* To inhabit ; to live in a place ; to reside ; to fix the mind upon ; to continue long speaking : بسنا - رہنا - سکونت کرنا * **To—on or upon**

a subject, To take a long time with it; to ponder over it: غور کرنا - طول کلامي کرنا

Dwelling, *n.* Habitation; place of residence; abode: بود و باش - سکونت - مسکن - مکان

Syn.—Habitation, abode, residence, domicile, home.

Dwindle, *v. i.* To shrink; to grow less; to fall away: سکڑنا - سمٹنا - کم ہونا - گھٹنا

Dye, *v. t.* To tinge; to colour: رنگنا - رنگ چڑھانا

——, *n.* Colouring liquor; hue: رنگت - رنگ

Dyeing, *n.* The art of colouring cloth: رنگ سازي - رنگ ریزي

Dying, *pp.* Expiring: مرتا ہوا - فاني

Dyer, *n.* One who colours cloth: رنگریز یا رنگ ساز

Dynamics, *n.* Science of motion: علم حرکت اجسام

Dynamite, *n.* An explosive substance: ایک پھک سے اوڑا دینے والي شے

Dynasty, *n.* A race or succession of rulers: خاندان یا نسل شاهي - سلطنت

Dysentry, *n.* A disorder of the bowels: پیچش - اسہال

Dyspepsy, Dyspepsia, *n.* Difficulty of digestion; indigestion: بد هضمي - گراني

Dyspeptic, *a.* Afflicted with or pertaining to dyspepsia: مبتلاء بدهضمي - وہ شخص جسکو بدهضمي ہو

Dyspnœa, *n.* Difficulty of breathing: ضیق النفس - مرض دم

Dysury, *n.* Difficulty in discharging the urine, attended with pain and heat: - حبس البول پیشاب کا درد اور جلن سے نکلنا

E

Each, *a.* Either of two; every one of any number, taken separately: دو میں سے ایک - ہرایک

Eager, *a.* (Preps. for, in) Keenly desirous; impetuous; sharp: آرزو مند - مشتاق - سرگرم - تیز

Syn.—Earnest, zealous, ardent forward, fervent.

Eagerness, *n.* Ardent desire; avidity; impetuosity: شوق - ارزو - تمنا - تیزي

Eagle, *n.* A bird of prey: عقاب * A military standard: فوجي نشان

Eaglet, *n.* A young eagle: عقاب کا بچّہ

Ear, *n.* The organ of hearing: کان * Sense of hearing: قوت سامعہ * Attention: توجہ-دهیان * Of corn: خوشہ-بالي **All—,** All attention: پوري طور سے **To set by the—s,** To cause to quarrel: * لڑانا **Over head and—s,** Deeply, (in debt): * سرتا پا قرضدار **To give—,** To listen: * سننا **—wax,** The cerumen: * کان کا میل - کھونٹ

Earcap, *n.* A covering for the head and ear : کنٹوپ

Earlock, *n.* The lock of hair curling over the ear : زلف

Ear, *v. t.* To plough or till : جوتنا

Earl, *n.* A title of nobility : ولایت کے نوابونکا ایک لقب

Earldom, *n.* The jurisdiction or dignity of an earl : انگلستان کے امیر کا علاقہ یا رتبہ

Earliness, *n.* The state of being early : شتابي - زودي - جلدي

Early, *a.* In advance of the usual or appointed time; timely ; not late : پیش از وقت - سویرے - جلدي

Early, *ad.* Soon ; in good season : پہلے - بروقت - جلدي سے

Syn.—Soon, betimes, seasonably.

Earmark, *v. t.* To set apart for a special purpose : اُٹھا رکھنا - علیحدہ رکھنا چھوڑنا

Earn, *v. t.* To gain by labour ; to acquire : کمانا - حاصل کرنا - پیدا کرنا

Syn.—Gain, get, acquire, win, procure.

Earnest, *a.* Ardent ; zealous : شوقین - مشتاق - سرگرم - مستعد

Syn.—Eager, ardent, zealous.

——, *n.* Seriousness ; pledge : سنجیدگي - کفالت - بیعانہ

Earnestly, *ad.* Eagerly ; zealously : شوق سے - سرگرمي سے

Earnestness, *n.* Seriousness ; eagerness : سنجیدگي - شوق - سرگرمي - دلسوزي

Earth, *n.* The globe we inhabit; the world; soil; region : زمین - دنیا - مٹي - ملک

Earthen, *a.* Made of earth or clay : خاکي - مٹي کا

Earthenware, *n.* Ware made of clay ; pottery : ظروف گلي - مٹي کے برتن

Earthly, *a.* Belonging to the earth ; sensual : دنیاوي - نفساني

Earthquake, *n.* A trembling of the earth : زلزلہ - بھوچال

Earthy, *a.* Consisting of earth; gross ; unrefined : مٹي کا - موٹا - بھاري - مٹیلا

Ease, *n.* Rest ; freedom from pain ; facility : آرام - راحت - فراغت - آسایش - سہولیت

Syn.—Rest, repose, tranquillity.

Ant.—Discomfort, uneasiness, vexation.

Ease, *v. t.* To free from pain ; to assuage ; to mitigate : آسایش دینا - تسکین دینا - کم کرنا

Easel, *n.* A wooden frame to support pictures while being painted : ایک لکڑي کي تپائي جسپر رکھکر تصویر میں رنگ بھرا جاتا ھے

Easement, *n.* That which gives ease ; convenience : - آسایش * آرام **(Law)** Privilege which one proprietor has in another's estate distinct from the ownership of the soil, as a way, water-course, &c. : حق قدامت رستہ چلنے وغیرہ کا

Easily, *ad.* In an easy manner; gently; readily : آساني سے - خوشي بخوشي - جلدي سے

Easiness, *n.* The quality of being easy : سہولیت - آساني - آرام

East, *n.* The quarter where the sun rises : مشرق - پورب

Easter, *n.* A festival, celebrated on the Sunday after Good Friday, commemorating Christ's resurrection : عیسائیونکا ایک تیوهار

Easterly, *a.* Coming from the east; lying towards the east : مشرقي - پوروا - پورب رخ - شرقي

Eastern, *a.* Pertaining to the east : مشرقي - پوربي

Eastward, *ad.* Towards the east : جانب شرق

Easy, *a.* Not difficult : - سلیس * Quiet : سیدها - حلیم * Smooth : چکنا * Gentle : آسان - سهج * Ready : مستعد * Contented : ملائم خوشحال - آسودہ

Syn.—Quiet, tranquil, secure, calm.

Eat, *v. t.* To swallow; to consume; to corrode : کها جانا - خرچ کرڈالنا - گهسنا

——, *v. i.* To take food : تناول کرنا - کهانا - چگنا

Eatable, *a.* Fit to be eaten : کهانے کے لایق - خوردني

Syn.—Edible, esculent.

Eaves, *n.* The edges of the room of a house : اولتي

Ebb, *n.* The reflux of the tide; decline : جزر - بهاٹا - زوال - گهٹتي

——, *v. t.* To flow back towards the sea; to decline : سمندر کي طرف بهجانا - بهاٹے کا آنا - تنزل هونا - گهٹنا

Ebon, *a.* Of ebony; very black; آبنوس کا - نهایت کالا

Ebony, *n.* A hard, heavy, black wood : آبنوس

Ebriety, *n.* Intoxication; drunkenness : مدهوشي - متوالاپن

Syn.—Drunkenness, intoxication, inebriation.

Ebullient, *a.* Boiling over : اُبلنے والا

Ebullition, *n.* Act of boiling out; burst of feeling : اُبال - جوش

Eccentric, *a.* Deviating from the centre; irregular; whimsical : منحرف المرکز - بیقاعدہ - وهمي

Syn.—Irregular, anomalous, strange, whimsical.

Eccentricity, *n.* Deviation from the centre; irregularity : مرکز سے انحراف - بیقاعدگي - وهم

Ecclesiastic, *n.* A clergyman; a priest : پادري - خادم دین

——, **Ecclesiastical**, *a.* Pertaining to the church or to its organization : کلیسائي - متعلق بہ دین کلیسیائي

Echinate, *a.* Prickly; having sharp points : خار دار - کانٹے دار

Echo, *n.* A sound reflected or reverberated to the ear : آواز بازگشت - گونج - صدا

Echo, *v. t.* or *i.* To reverberate or resound : صدا کرنا - گونجنا - آواز آنا

Eclat, (e-kla), *n.* Splendour ; applause ; renown : نمایش - رونق - شاباشي - آفرین - شہرت

Eclectic, *a.* Selecting : منتخب کُنندہ

Eclipse, *n.* An obscuration of the luminaries of heaven ; darkness : گرھن - کسوف وخسوف - تاریکي

——, *v. t.* To darken ; to obscure : تاریک کرنا - چھپانا - گرھن لگنا

Ecliptic, *n.* The apparent path of the sun round the earth : طریق الشمس

Eclogue, *n.* A pastoral poem : دھقاني گیت

Economical, *a.* Pertaining to the household; frugal; saving: گرھستي کے متعلق - کفایتي - کم خرچ

Economist, *n.* One who manages with frugality : کفایت شعار - منتظم

Economize, *v. t.* To expend frugally ; : کم خرچ کرنا - کفایت‌کرنا - واجبي خرچ کرنا

Economy, *n.* Management of domestic affairs, as to expense; frugality ; parsimony : طریقۂ خانہ داري - کفایت شعاري - قاعدہ اِنتظام

Syn.—Frugality, parsimony.

Ecstacy, *n.* Excessive joy ; rapture ; enthusiasm ; madness : نہایت خوشي - انبساط - وجد - جوش - شادي مرگ

Syn.—Transport, rapture, delight.

Ecstatic, *a.* Transporting ; rapturous : بیخود - دریفتہ - دلشاد - مگن

Ecumenical, *a.* General : عام

Edacious, *a.* Voracious ; greedy : بسیار خور - کھیّو

Eddy, *n.* A contrary current ; a whirlpool : اُلٹا بہاؤ - بھنور - چکر - گرداب

——, *v. t.* To move as an eddy: بھنور کي طرح گھومنا

Eden, *n.* The garden in which Adam and Eve were placed by God ; باغ عدن *A delightful region : عیش گاہ

Edentate, Edentated, *a.* Deprived of tooth : پرپٹہ - ادنت - دانت گرے ھوے

Edge, *n.* The thin cutting side of a blade ; brink ; sharpness: دھار - کنارہ - تیزي

Edgeless, *a.* Blunt; not sharp: کُند - موتھرا

Edgewise, *ad.* With the edge forward : دھار کے جانب - کھڑا - ترچھا

Edible, *a.* Fit to be eaten ; eatable : کھانے کے لایق - خوردني

Edict, *n.* A proclamation of command or prohibition ; a law ; a decree : فرمان - مناھي - نقوی - آئین

Syn.—Law, statute, decree, regulation.

Edification, *n.* A building up; instruction ; improvement : تعمیر - تربیت - تعلیم - ترقي

Edifice, *n.* A large building : عمارت - حویلي

Syn.—Building, fabric, structure.

Edify, *v. t.* To improve the mind ; to instruct ; to build up : - علم و عقل کو بڑھانا - تعلیم دینا - مہذب کرنا - - تعمیر کرنا

Edit, *v. t.* To superintend the publication of ; to publish : چھاپنے کا اہتمام کرنا - شایع کرنا

Edition, *n.* The publication of a literary work ; number of copies published at a time : چھاپا - نوبت طبع

Editor, *n.* One who superintends the publication of a literary work : مواف - مہتمم طبع

Editorial, *a.* Pertaining to an editor : شایع کنندہ کے متعلق

Editorship, *n.* The office and duty of an editor : مہتمم طبع کا عہدہ یا کام

Educate, *v. t.* To instruct ; to bring up : تعلیم دینا - تربیت کرنا

Syn.—Instruct, train, teach.

Education, *n.* Act of bringing up ; tuition ; instruction : تعلیم - تربیت - شکشا

Educational, *a.* Pertaining to education : تعلیم کے متعلق

Educe, *v. t.* To draw forth ; to elicit ; to extract : نکالنا- کھینچنا - اِستخراج کرنا

Eduction, *n.* Act of drawing out : نکاس - اِستخراج

Edulcorate, *v. t.* To sweeten ; to purify : شیریں کرنا - صاف کرنا

Eel, *n.* A serpent like slimy fish : بام مچھلي

Efface, *v. t.* To blot out ; to erase ; to destroy : مٹانا - محو کرنا - چھیلنا - نیست و نابود کرنا - بگاڑنا

Effacement, *n.* Act of effacing : کاٹ کوٹ - چھیل چھال

Effect, *n.* That produced by an agent or cause ; consequence ; impression produced ; purpose : نتیجہ - حاصل - ثمرہ - تاثیر - مطلب *(pl.)* Goods : اسباب

Syn.—Consequence, result, issue, event.

——, *v. t.* To bring to pass ; to accomplish ; to achieve : انجام دینا - پورا کرنا - تعمیل کرنا

Syn.—Cause, produce, create.

Effective, *a.* Efficacious ; operative ; useful : موثر - کارگر - قوي - مفید

Effectual, *a.* Producing effect : موثر - حکمي

Effectuate, *v t.* To render effectual ; to fulfil : موثر کرنا - پورا کرنا - تکمیل کرنا

Effeminacy, *n.* Womanish delicacy : نامردي - نزاکت - مُلائمیت

Syn.—Weakness, softness, timidity.

Effeminate, *a.* Womanish ; tender : زنانہ - نازک - کمزور

Effervesce, *v. i.* To bubble and hiss ; to be in commotion : اُبلنا - جوش میں آنا

Effervescence, *n.* State of effervescing : ابال - جوش - بھاپ

Effete, *a.* Barren; worn out with age; exhausted : - بے پھل ضعیف - ناتواں

Efficacious, *a.* Effectual; powerful : موثر - تاثیر بخش - مقوی

Efficacy, *n.* Power to produce effects; energy : تاثیر - قوت

Efficiency, *n.* Power of producing effect : تاثیر - قابلیت - استعداد

Efficient, *a.* Producing results; effective : competent : موثر - کارگر - کامل - قابل

Effigy, *n.* An image of any person or thing : صورت - شکل - شبیہ

Efflate, *v. t.* To puff up : پھونک کر پھولانا

Efflorescence, *n.* Time of flowering : پھول نکلنے کا وقت - شگوفہ آوری

Effluent, *a.* Flowing out; issuing out of : بہتا ہوا - رواں

Effluvium, *n.* Exhalation from putrefying substances : بخارات جو سڑے گلے اجسام سے نکلتے ہیں

Effort, *n.* Exertion; endeavour: سعی - کوشش - جد و جہد - جانفشانی

Effrayable, *a.* Frightful : خوفناک - ہیبت ناک

Effrontery, *n.* Impudence : گستاخی - بیحیائی - بے شرمی

Syn.—Boldness, assurance, impudence, audacity.

Effulgence, *n.* Lustre; extreme brilliancy : دمک - جھلک - نور - تجلی

Effulgent, *a.* Luminous; bright; shining : - منور - چمکیلا تابدار

Effuse, *v. t.* To pour out : اُنڈیلنا - ڈھالنا - بہانا

Effusion, *n.* A pouring out; that which is poured out : ریزش - چھڑکاؤ - دھار

Egg, *n.* That which is laid by fowls or birds : انڈا - بیضہ

——, *v. t.* To urge on; to incite : تحریک دینا - ترغیب دینا

Eglomerate, *v. i.* To unwind itself : سُلجھانا - اُلجھن کھولنا

Egoist, *n.* One who practises egoism : خود بین

Egotism, *n.* Self-praise; conceit : خود ستائی - لاف زنی

Syn.—Conceit, vanity, self-praise.

Egotist, *n.* One who talks much of himself : اپنی تعریف خود کرنیوالا - خود بین

Egotise, *v. t.* To talk much of one's self : خود اپنی تعریف کرنا

Egregious, *a.* Remarkable; eminent; extraordinary: مشہور - نامور - عجیب - بے انداز - بڑا

Syn.—Extraordinary, monstrous, great.

Egress, *n.* Act of going out or leaving; departure : برآمد - خروج - روانگی

Syn.—Exit, departure.

Egret, *n.* A species of white heron : ایک قسم کا بگلا

Egyptian, *n.* A native of Egypt : مصر کا باشندہ

Eight, *a.* and *n.* Twice four : آٹھ

Eighteen, *a.* and *n.* Twice nine : اٹھارہ - ہیژدہ

Eighteenth, *a.* Next in order to the seventeenth : اٹھارھواں

Eightfold, *a.* Eight times : آٹھہ گنا

Eighth, *a.* Next in order to the seventh : آٹھواں

Eightscore, *a.* Eight times twenty : آٹھہ کوڑي - آٹھہ بيسي

Eightieth, *a.* Tenth in order after the seventieth : اسیواں

Eighty, *a.* and *n.* Four times twenty ; four score : اسي - چار کوڑي

Either, *a.* and *pro.* One or the other ; each of two : ایک نہ ایک - دومیں سے ایک کوئي

Ejaculate, *v. t.* To utter suddenly and briefly : بول اُٹھنا - دفعتاً کہدینا

Ejaculation, *n.* Act of throwing out a short occasional prayer : انداخت - درود - دُعا

Ejaculatory, *a.* Throwing out; sudden : پھینکنے والا - اِتفاقي

Eject, *v. t.* To throw out ; to cast forth ; to expel : پھینکنا - نکالنا - خارج کرنا - بیدخل کرنا

Ejection, *n.* A casting out : اخراج

Ejectment, *n.* Expulsion; ejection ; an action for the recovery of possession of lands or tenements : اخراج - بیدخلي - نالش بیدخلي

Eke, *v. t.* To increase ; to enlarge ; to supply what is wanting : بڑھانا - کھینچ لینا - ملانا - پورا کرنا - جوڑنا

Eke, *ad.* Also ; likewise ; moreover : نیز - بھي - اسیطرح - علاوہ

Elaborate, *v. t.* To produce with labour : محنت سے بنانا - مکمل کرنا

——, *a.* Wrought with labour ; highly finished : محنت سے بنایا ہوا - مکمل - مکلف - مشکل

Syn.—Laboured, prepared, studied, perfected.

Elapse, *v. t.* To pass or glide away : گذرجانا - ہوچکنا

Elastic, *a.* Having elasticity ; springing back : لچیلا - لچلچا - دمدار

Elasticity, *n.* The property of springing back to its original form : پھر اصلي حالت پر آجانے کي خاصیت - لچک - دم

Elate, *a.* Flushed with success ; proud : پھولا ہوا - خوش - مغرور

Syn.—Proud, puffed up, lofty, exalted.

Elate, *v. t.* To exalt the spirit of ; to elevate ; to puff up : دل بڑھانا - بلند کرنا - سرفراز کرنا - مغرور کرنا

Elation, *n.* Inflation of mind ; haughtiness : تکبّر - گھمنڈ - غرور

Syn.—Exultation, pride, high spirits.

Elbow, *n.* The joint connecting arm and forearm ; an angle ; * کہني - کونا - گوشہ **Out at—s**, Shabbily dressed : پھٹے حال

Elbow, *v. t.* To push with the elbow : کہني سے دھکيانا - کہني مارنا - کہنيانا

Elbowchair, *n.* A chair with arms : بازو دار کرسي

Elder, *a.* More advanced in age ; older : جيٹھا - کلاں تر - بڑا

——, *n.* One who is older ; a senior ; an ancestor ; an ecclesiastical officer : بُزرگ تر - بڑا - پرکھا - پادري

Elderly, *a.* Somewhat old : پيرانہ - ادھيڑ - بڈھاسا

Eldership, *n.* Seniority ; primogeniture : جيٹھائي - کلائي - بُزرگي

Elect, *v. t.* To choose for officer ; to prefer : منتخب کرنا - پسند کرنا

——, *a.* Chosen : پسنديدہ - منتخب

——, *n.* One elected : منتخب شدہ - برگزيدہ

Election, *n.* Act of choosing : choice : انتخاب - مقبوليت - پسنديدگي

Syn.—Selection, preference, choice.

Elective, *a.* Regulated by choice : انتخابي - مخصوص - اختياري

Elector, *n.* One who elects, or has right of choice : منتخب کنندہ - پسند کرنيوالا - چُننے والا

Electoral, *a.* Pertaining to an elector : انتخابي - مخصوصي

Electorate, *n.* Territory of an elector ; جرمن کے ايک چھوٹے بادشاہ کي سلطنت

Electrical, Electric, *a.* Pertaining to, or containing electricity : جاذبہ - کہربائي - برقي

Electricity, *n.* A property of bodies which causes repulsion and attraction : قوت کہربائي - کشش - بجلي

Electrify, Electrise, *v. t.* To communicate electricity to : برقي قوت پہنچانا يا دينا

Electroplate, *n.* Articles coated with silver or other metal by means of electric currents : برتن وغيرہ جنپر برقي عمل سے قلعي کي گئي ہو

Eleemosynary, *a.* Living on charity: خيرات خور

Elegance, *n.* The state of being elegant ; grace ; propriety : خوش وضعي - حُسن - خوبصورتي - لطافت - نزاکت

Syn.—Grace, beauty, propriety, refinement.

Elegant, *a.* Graceful ; pleasing ; neat : خوبصورت - خوش نما - نفيس

Elegiac, *a.* Used in Elegies ; sad ; sorrowful : مُظہر غم - غمناک - ماتمي

Elegy, *n.* A mournful poem ; a dirge : مرثيہ - نوحہ - ماتمي گيت

Element, *n.* A first principle ; a constituent part ; an ingredient ; proper state or sphere ; rudiments of knowledge : تت و عنصر - اربعہ عناصر - جزاء - مادہ مفردات - اصول علم

Syn.—Constituent, ingredient.

Elementary, *a.* Primary : simple: ابتدائي - عنصري - اصلي - غير مركب

Elephant, *n.* The largest quadruped : ہاتھی - پیل

Elephantiasis, *n.* A species of leprosy : ایک قسم کا کوڑہ - فیل پا

Elephantine, *a.* Pertaining to or like elephant ; bulky : متعلق ہاتھي - ہاتھی سا - بڑا

Elevate, *v. t.* To raise up ; to exalt ; to promote : بلند کرنا سرفراز کرنا - اونچا کرنا

Elevation, *n.* Act of raising : exaltation ; dignity ; height ; altitude : سرفرازي - عروج - ترقي - مرتبہ - بلندي - اونچائي

Eleven, *a.* and *n.* Ten and one: گیارہ - یازدہ

Eleventh, *a.* The ordinal of eleven : گیارھواں -یازدھم

Elf, *n.* An imaginary spirit ; a fairy : بھوت - پریت - پري

Elf-lock, *n.* A tangled lock of hair : اولجھے بال - جٹا

Elicit, *v. t.* To draw out ; to deduce : نکالنا - کھینچنا - ظاہر کرنا

Elide, *v. t.* To cut off ; to suppress : - کاٹ ڈالنا - حذف کرنا گرا دینا

Eligible, *a.* Fit to be chosen ; preferable : قابل پسند - بہتر

Eliminate, *v. t.* To expel ; to set aside ; to infer : - نکالدینا خارج کرنا - دور کرنا - نتیجہ نکالنا

Syn.—Exclude, reject, repel.

Elimination, *n.* Act of expelling : استخراج - نکاسي

Elision, *n.* Act of cutting off : ازالہ - حذف

Elixir, *n.* A compound tincture or medicine ; a liquor for transmuting metals into gold ; a cordial : وہ عرق جو فلزات کو طلا کردے - اکسیر - آب حیات - امرت

Elk, *n.* A species of stag : ایک قسم کا بارہ سنگا

Ell, *n.* A cloth measure of a yard and a quarter : سوا گز کا ناپ

Ellipse, *n.* An oval figure : شکل بیضاوي * The path which the planets describe round the sun : راستہ جو سیارے سورج کے گرد گردش کرنے میں بناتے ہیں

Ellipsis, *n.* (Gram.) A figure of syntax by which words are omitted; omission: حذف -اختصار

Elliptical, *a.* Having a part omitted : محذوف * Oval : بیضاوي

Elm, *n.* A forest tree : ایک جنگلي درخت

Elocation, *n.* A removal ; a departure : انتقال سکونت - نقل مکان

Elocution, *n.* Pronunciation ; utterence ; oratory : - تلفظ - نطق فصاحت - لساني - گویائي

Elocutionary, *a.* Pertaining to elocution : متعلق تلفظ یا فصاحت

Eloge, Elogy, Eulogy, *n.* Praise ; panegyric : توصہ - مرثیہ سوگ کا گیت - مدح

Elongate, *v. t.* To lengthen : تاننا - لنبا کرنا * To draw out : طول دینا

Elongation, *n.* Act of lengthening out : تناؤ - کھینچاؤ - طوالت

Elope, *v. i.* To run away privately : چھپ کے بھاگ جانا - نکل جانا

Syn.—Abscond, run off.

Elopement, *n.* A running away clandestinely : گریز - روپوشي - فرار

Eloquence, *n.* Fluency of language ; oratory : خوش تقریري - فصاحت - خوش گوئي - لساني

Eloquent, *a.* Having the power of oratory : فصیح - خوش گو - شیرین کلام - خوش گفتار

Else, *a.* and *pron.* Other ; one or something besides : دوسرا - اور - دیگر - سوا

——, *ad.* and *conj.* Beside ; otherwise : علاوہ - نہیں تو - ورنہ

Elsewhere, *ad.* In some other place : کہیں اور - دوسري جگہہ

Elucidate, *v. t.* To explain ; to make clear : تشریح کرنا - واضح کرنا - روشن کرنا

Elucidation, *n.* Explanation ; exposition : تشریح - بیان - تعبیر

Elucidative, *a.* Tending to elucidate ; explanatory : توضیحي - تشریحي - بیانیہ

Elude, *v. t.* To escape by stratagem ; to evade : حکمت سے نکل جانا - بچنا - ٹالدینا

Syn.—Avoid, evade, escape.

Elusion, *n.* Escape by artifice ; evasion : حیلہ سازي - گریز - بچاؤ

Elusive, Elusory, *a.* Tending to elude ; evasive ; deceitful : دھوکے باز - حیلہ باز - فریبي

Elysian, *a.* Blissful : راحت بخش - فرحت انگیز

Syn.—Charming, delightful.

Elysium, *n.* The abode of the blessed after death ; any delightful place : بہشت - بیکنٹھہ - آرام گاہ

Emaciate, *v. i.* To lose flesh ; to grow lean : لاغر ہونا - دُبلا ہونا - لٹ جانا - کمزور ہوجانا

——, *a.* Wasted : دُبلا - لاغر

Emaciation, *n.* The loss of flesh ; act of becoming lean : لاغري - دُبلاپن - کمزوي

Emanant, *a.* Issuing from : نکلنے والا - بہنے والا

Emanate, *v. i.* To flow from : بہنا - جاري ہونا - صادر ہونا - نکلنا

Syn.—Flow, arise, proceed, issue.

Emanation, *n.* Act of flowing from ; issue : صدور - برآمد - خروج - روانگي - بہاؤ

Emancipate, *v. t.* To free from servitude : آزاد کرنا - رہائي دینا

Emancipation, *n.* Deliverance from slavery ; release : خلاصي - آزادي - رہائي - چھٹکارا

Syn.—Liberation, release, freedom.

Emasculate, *v. t.* To castrate; to render effeminate : نامرد کرنا - خوجہ کرنا - آختہ کرنا

Embale, *v. t.* To pack up : گٹھر باندھنا - لپیٹنا

Embalm, *v. t.* To preserve from decay with aromatics ; to perpetuate : لعش میں خوشبو لگاکر سڑنے سے محفوظ رکھنا - قائم رکھنا

Embank, *v. t.* To enclose with a bank : پشتہ یا بند باندھنا

Embankment, *n.* Act of surrounding with a bank ; a mound : پشتہ بندي - باندہ - پشتہ

Embargo, *n.* A prohibition by public authority, of departure from a port ; a restraint : بندرگاہ چھوڑنے کي ممانعت - روک

Embark, *v. t.* or *i.* To enter on board : جہاز پر چڑھانا - چڑھنا * To engage in : شامل یا شریک ہونا

Embarkation, *n.* Act of putting or going on board : جہاز پر لادنا یا سوار ہونا

Embarrass, *v. t.* To perplex : پریشان کرنا - مضطرب کرنا

Embarrassment, *n.* Distress ; perplexity : پریشاني - حیراني - تنگ دستي - اضطراب

Embassy, *n.* The public function of an ambassador: پیغامبري * To set for battle ; ایلچي گري - رسالت صف آرائي کرنا - مورچہ بندي کرنا

Embed, *v. t.* To lay, as in a bed : لٹانا - گاڑنا

Embellish, *v. t.* To adorn ; to beautify : زیبایش دینا - خوبصورت بنانا - سجانا - سنوارنا

Embellisnment, *n.* Adornment : آرایش - زینت - رونق

Syn.—Decoration, ornament, adornment.

Embers, *n.* Hot cinders : انگارے - اخگر - چنگاریاں - بھوبھل

Embezzle, *v. t.* To appropriate fraudulently to one's own use: غبن کرنا - تغلب کرنا - خیانت کرنا

Embezzlement, *n.* Unlawful appropriation of what is intrusted to one's care : غبن خیانت

Embitter, *v. t.* To make bitter; to exasperate : تلخ کرنا - ناگوار کرنا

Emblazon, *v. t.* To deck in glaring colours : جگمگانا - زرق و برق بنانا - زینت دینا

Emblem, *n.* A symbol ; a representation : علامت - صورت - نقش

Syn.—Figure, type, sign, symbol.

Emblematic, *a.* Pertaining to emblems; allusive ; typical : علامت دار - رمزدار - نشاندار

Embody, *v. t.* To form into a body ; to incorporate : مجسم کرنا - منسلک کرنا - شامل کرنا - یکجا کرنا - اکٹھا کرنا

Embolden, *v. t.* To give courage to : دلیر کرنا - ہمت دینا

Embosom, *v. t.* To take into the bosom ; to caress : چھاتي لگانا - ہم آغوش کرنا - گلے لگانا - پیار کرنا

Emboss, *v. t.* To adorn with protuberances : ابھار بوٹا کاڑھنا - نقش کاري کرنا - پھول کاٹنا - منقش کرنا

Embouchure, (Fr.) (an' bushur,) *n.* The aperture of a

wind-instrument; a mouth : باجے کا مونھہ - مُہانا - دھانا

Embowel, *v. t.* To take out bowels: آنت نکالنا - خالي کرنا

Embower, *v. t.* To place or lodge in a bower : کنج میں رکھنا یا رھنا

Embrace, *v. t.* To hold fondly in the arms; to clasp : بغل گیري کرنا - آغوش میں لینا - چپٹانا

——, *n.* A caress ; a fond pressure : ہم آغوشي - بغل گیري - وصل

Embrasure, *n.* An opening in a wall or parapet through which cannon are discharged: توپ کا جھروکا - فصیل - رند

Embrocate, *v. t.* To foment a diseased part : مالش کرنا درد و سوجن پر

Embroider, *v. t.* To cover with ornamental needle-work or figures : کار چوبي کرنا - گل بوٹے کاڑھنا - نقش و نگار کرنا

Embroidery, *n.* Variegated needle-work ; decoration : کارچوبي - زردوزي - گل کاري - چکن دوزي

Embroil, *v. t.* To disturb ; to confuse ; to entangle : مضطرب کرنا - گھبرانا - پریشان کرنا - پھنسانا

Syn.—Disturb, entangle, encumber, confound.

Embryo, *n.* The offspring yet imperfect in the womb : بچّہ جو حمل میں ہو * The rudiments of anything unformed : کوئي چیز جو ابتدائي یا ناقص حالت میں ہو

Syn.—Germ, rudiment.

Emend, *v. t.* To correct; to improve : صحیح کرنا - ترمیم کرنا

Emendation, *n.* Correction ; improvement : ترمیم - درستي - بہتري

Emerald, *n.* A green precious stone : زمرد - سبزہ

Emerge, *v. i.* To rise out of ; to issue and appear : نکلنا - برآمد ہونا - ظاہر ہونا

Emergency, *n.* Sudden appearance ; یکایک برآمدگي - تکاس *Pressing necessity : سخت ضرورت

Emergent, *a.* Suddenly appearing ; urgent : ناگہاں ظاہر ہونے والا - اِتفاقي - ضروري

Emerods, *n.* Piles : بواسیر کے دانے - مسے

Emersion, *n.* Act of rising out of ; reappearance ; طلوع - برآمدگي

Emery, *n.* A mineral used in polishing : سمپادا - کرنڈ - مہالو

Emetic, *n.* A medicine which causes vomiting قے آور دوا

Emigrant, *n.* One who removes from his own country : اپنا وطن چھوڑنیوالا - جلاوطن - پردیسي

Emigrate, *v. i.* To remove from one country to another for residence : ترک وطن کرنا - دوسرے دیس میں جا بسنا

Emigration, *n.* Act of emigrating to another country : ترک وطن - انتقال ملک غیر

Eminence, *n.* Loftiness ; height ; اونچائي - بلندي * Sum-

mit ; چرٹي - ٹيلہ * Fame ; distinction : ناموري - شہرت

Eminent, *a.* High ; dignified ; remarkable : بلند - اعلی - مشہور

Syn.--Distinguished, conspicuous, celebrated.

Emissary, *n.* A secret agent ; a spy : جاسوسيا - مخبر - بھيديا

Emission, *n.* Act of sending out ; issue : اخراج - ارسال - نکاس

Emissive, *a.* Sending out : نکالا ہوا - خارج

Emit, *v. t.* To send out ; to exhale : نکالنا - چھوڑنا - صادر کرنا

Syn.—Eject, discharge, exhale.

Emmet, *n.* An ant ; a pismire : چينٹا - چينٹي - مور

Emmew, *v. t.* To coop up ; to confine: درے میں بند کرنا - قید کرنا

Emollient, *a.* Softening : ملايم کرنيوالي (دوا)

Emolument, *n.* Profit ; advantage ; gain : منافع - فايدہ - حاصل

Emotion, *n.* Mental excitement ; agitation : جوش دل - جذبہ - ترنگ

Syn.—Feeling, agitation.

Emotional, *a.* Exciting : پر جوش

Empale, *v. t.* To enclose : تتي يا باڑ سے گھيرنا * To put to death by fixing on a stake : سولي دينا

Empalement, *n.* Fencing : گھراؤ * Execution by thrusting a stake into the body : سولي - تصليب

Emperor, *n.* The sovereign of an empire : سلطان - شاهنشاہ - قيصر

Emphasis, *n.* Stress laid on a word ; force : تاکيد لفظي - زور

Emphasize, *v. t.* To utter with stress of voice : زور دیکر تلفظ کرنا

Emphatic, *a.* Uttered with emphasis ; forcible : تاکيدي - پر زور

Emphatically, *ad.* With emphasis ; forcibly : بتاکيد - زور سے

Empire, *n.* The dominion of an emperor ; supreme power : سلطنت ، رياست - حکمراني - عملداري

Empiric, *n.* An ignorant physician : a quack : نيم حکيم

Employ, *v. t.* To keep at work ; to engage ; to use : کام لينا - مشغول رکھنا - نوکر رکھنا - استعمال کرنا - لگانا

Employe, *n.* One who is employed : ملازم - نوکر

Employer, *n.* One who employs : نوکر رکھنيوالا - خاوند - مالک

Employment, *n.* Business ; office : شغل - کام - منسب - عہدہ

Emporium. *n.* A mart ; a place of merchandise : بازار - تجارتگاہ - منڈي

Empoverish, (see **Impoverish.**)

Empower, *v. t.* To authorise ; to enable ; اختيار دينا - مختيار کرنا - قابل کرنا - لايق کرنا

Empress, *n.* The wife of an emperor : ملکہ - سلطانہ

Emptiness, *n.* Vacuity ; want of sense : خلو - تہي مغزي - بے عقلي

Emption, *n.* Act of buying : خريداري

Empty, *a.* Void ; unfurnished : خالي - تهي - بے سرو سامان

Syn.—Void, devoid, unoccupied, vacant.

——, *v. t.* To exhaust ; to evacuate : خالي كرنا - تهي كرنا * To pour out : اوندهيلنا

Empurple, *v. t.* To dye purple : ارغواني كرنا - بينجني رنگنا

Empyreal, *a.* Formed of pure fire or light : آتشي - روشني كا بنا هوا

Emu, *n.* A very large bird of Australia allied to the ostrich : ملک اسٹريليا کي ايک بڑي چڑيا جو شتر مُرغ کے موافق هوتي هے

Emulate, *v. t.* To strive to equal or excel ; to rival : همسري كرنا - برابري كرنا - مقابلة كرنا

Syn.—Rival, vie with, compete with.

Emulation, *n.* Rivalry ; contest ; envy : رشک - همسري - مقابلة - حرص

Emulous, *a.* Desirous to excel ; rivalling ; envious : سبقت يا همسري چاهنے والا

Enable, *v. t.* To make able ; to empower: قابل كرنا - اختيار دينا

Enact, *v. t.* To establish by law ; to perform : قانون بنانا - آئين جاري كرنا - پورا كرنا - ايفا كرنا

Syn.—Ordain, decree, establish.

Enactment, *n.* The passing of a bill into a law ; a decree ; اجرا-مسودة - قانون كو نافظ كرنا -آئين

Enamel, *n.* A substance used in enamelling ; thing enamelled : مينا - مينا كار چيز

——, *v. t.* To inlay ; to variegate with colours : مينا كاري كرنا - منبت كرنا - كوفت كرنا

Enamour, *v. t.* To inflame with love ; to make fond : فريفتة كرنا - شيفتة كرنا - عاشق كرنا - موهنا

Syn.—Charm, captivate, fascinate.

Encage, *v. t.* To shut up ; to confine : بند كرنا - قيد ركهنا

Encamp, *v. t.* or *i.* To pitch tents ; to halt : خيمة زن هونا - پڑاؤ ڈالنا - اُترنا

Encampment, *n.* Act of pitching tents ; a camp : خيمة زني - پڑاؤ - لشكر گاه - چهاؤني

Encase, *v. t.* To inclose in a cover or case: غلاف كرنا- خانة كے اندر ركهنا - بند كرنا

Encave, *v. t.* To hide as in a cave : غار مين چهپانا

Enceinte, (ong-saynt), *Fr. a.* and *n.* In a pregnant state ; the rampart surrounding a town : حاملة - پيٹ سے - چهار ديواري

Enchant, *v. t.* To charm ; to fascinate : مفتون كرنا - فريفتة كرنا موهنا

Syn.—Charm, captivate, enamour.

Enchantment, *n.* Magical charms ; fascination ; delight : جادوگري- فريفتگي - دلربائي

Enchantress, *n.* A sorceress ; a woman versed in magical arts : جادوگرني - ساحرہ

Enchase, *v. t.* To adorn by embossed work: - منبت گري کرنا جڑنا

Encircle, *v. t.* To enclose by a circle ; to surround : حلقہ باندھنا - گھیرنا - محاصرہ کرنا

Syn.—Embrace, encompass, environ.

Enclose, See **Inclose.**

Enclosure, *n.* See **Inclosure.**

Encomiast, *n.* One who bestows praise; a eulogist: ثناخوان - تعریف کرنیوالا - بھاٹ

Encomium, *n.* Panegyric; high praise : ثنا - مدح - تعریف

Encompass, *v. t.* To go round; to surround : حلقہ باندھنا - گھیرنا

Encore, (an-kor) *ad.* Once more ; again : دوبارہ - بار دیگر - پھر

——, *v. t.* To call for repetition: دوبارہ چاھنا - پھر بلانا

Encounter, *n.* A contest ; a meeting : مقابلہ - لڑائي - ملاقات

——, *v. t.* To fight : to meet : مقابلہ کرنا - ملنا

Encourage, *v. t.* To give courage to ; to animate : جرأت دینا ھمت بڑھانا - دلیر کرنا - ترغیب دینا - تقویت کرنا

Syn.—Embolden, animate, cheer, incite.

Encouragement, *n.* Incitement ; hope : ترغیب - تقویت - تسلي - دلاسا

Encroach, *v. i.* To intrude ; to advance by stealth ; to infringe : مداخلت کرنا - دست اندازي کرنا - گھس جانا - تجاوز کرنا

Encroachment, *n.* An unlawful intrusion ; an inroad : دست درازي - مداخلت بیجا - چڑھائي

Encumber, *v. t.* To clog ; to load ; to impede; to obstruct: لادنا - دبانا - بھاري کرنا - روکنا - مزاحمت کرنا

Encumbrance, *n.* A load ; impediment ; burden on an estate : بوجھ - مزاحمت - قرض ذمہ جایداد

Syn.—Load, burden, impediment, hinderance.

Encyclopædia, *n.* A dictionary of the arts and sciences : دائرہ علم - مجمع العلوم - لغت

End, *n.* Extremity ; limit ; conclusion ; final doom ; death ; purpose ; design : خاتمہ - انتہا - حد - انجام - آخرت - موت - مطلب - مقصد * **To make both —s meet,** To make one's income cover one's expenditure : آمدني سے خرچ پورا کرنا * **To put an—to,** To terminate : خاتمہ کرنا

——, *v. t.* or *i.* To terminate ; to conclude ; to close ; to put to death : تمام کرنا - آخر کرنا یا ھونا - مار ڈالنا * **To—in smoke,** To be useless : رائگاں - بے فایدہ ھونا

Endanger, *v. t.* To bring into peril : to hazard : خطرہ میں ڈالنا - آفت میں پھسانا

Endear, *v. t.* To make dear ; to make beloved : عزیز کرنا - پیارا کرنا

Endearment, *n.* Affection ; tenderness : محبت - اُلفت - پیار

Endeavour, *n.* An attempt ; an effort : کوشش - سعي - عزم - قصد

——, *v. t.* To attempt ; to try : قصد کرنا - کوشش کرنا - سعي کرنا

Endemic, *a.* Peculiar to a people or a district ; کسي خاص قوم یا ضلع کے متعلق

Ending, *n.* Termination ; conclusion : خاتمہ - انجام - آخر

Endless, *a.* Without end ; perpetual ; ceaseless : لا - بے حد انتہا - بے پایاں - دائم - متواتر

Syn.—Eternal, everlasting, infinite.

Endmost, *a.* Farthest : سب سے دور.

Endogenous, *n.* Growing or originating from within: اندر سے اگنے یا ظاہر ہونیوالا

Endorse, *v. t.* To write on the back of a bill ; to superscribe; to sanction: سکارنا - عبارت ظہري لکھنا - منظور کرنا - دستخط ثبت کرنا

Endorsement, *n.* Act of endorsing ; that which is written on the back of a bill : عبارت ظہري - حکم ظہري - سکار

Endow, *v. t.* To furnish with dower ; to settle upon ; to enrich: جہیز دینا - وقف کرنا - بخشنا عطا کرنا

Endowment, *n.* Act of settling upon ; the fund settled ; a gift of nature : - وقف جہیز - بخشي ہوئي جایداد - دان - وصف

Endurance, *n.* Continuance ; suffering ; patience : - قیام پایداري - تحمل - برداشت - صبر

Endure, *v. t.* To bear ; to sustain ; to last : برداشت کرنا - سہنا - قیام کرنا - ٹھہرنا

Syn.—Bear, continue, abide, submit.

Endwise, *ad.* On the end : uprightly : کنارہ کے بل - کھڑا

Enemy, *n.* An adversary ; a foe : حریف - دُشمن - مُخالف

Syn.—Antagonist, adversary, foe, opponent.

Energetic, *a.* Forcible ; active; powerful : مضبوط - موثر - چست و چالاک - زور آور

Syn.—Potent, effective, vigorous.

Energy, *n.* Power ; force of expression ; vigour ; spirit : قوت زور - استعداد - تاثیر - ہمت

Syn.—Vigour, spirit, zeal - strength.

Enervate, *v. t.* To make feeble; to weaken : کمزور کرنا - ناتوان کرنا

Syn.—Weaken, debilitate, enfeeble.

Enervation, *n.* Act of weakening : کمزوري - نقاہت - ضعف

Enfeeble, *v. t.* To weaken : کمزور یا نقیح کرنا - دُبلا کرنا

Enfeeblement, *n.* A weakening : کمزوري - نقاہت

Enforce, *v. t.* To strengthen : * To com- قوت دینا - مستحکم کرنا

pel : مجبور کرنا * To put in execution : تعمیل کرنا * To urge : ثابت کرنا * To prove : تاکید کرنا

Enforcement, *n.* Act of enforcing : compulsion : زبردستي - زور آوري - تعمیل - مجبوري - اجرا

Enfranchise, *v. t.* To set free ; to admit to the privileges of a freeman : رها کرنا - خلاص کرنا - حقوق رئیس بخشنا

Enfranchisement, *n.* Act of liberating admission to civil and political rights : مخلصي - رهائي - اختیار یا حق توطن

Engage, *v. t.* To bind by contract : قول وقرار سے پابند کر لینا * To pledge : شرط کرنا * To pledge to marriage : اقرار شادی کرنا * To win ; to allure : نوکر * To employ : فریفتہ کرنا * To occupy : دخل کرنا * رکھنا To fight : لڑنا

Engagement, *n.* Act of engaging ; employment; obligation ; battle : ذمہداري - شغل - معاهدہ - لڑائي

Engaging, *a.* Winning ; attractive ; pleasing : پیارا -دلچسپ - دلربا

Engender, *v. t.* To beget : to produce : جننا - پیدا کرنا

Syn.—Breed, generate, beget, produce, cause.

Engild, *v. t.* To brighten ; to illuminate : چمکا دینا - جلوہگر کرنا

Engine, *n.* An instrument of action ; a machine ; means : الہ - کل - ذریعہ

Engineer, *n.* One skilled in mechanics, and in the construction of public works, &c. : فن معماري اور کل وغیرہ میں ماهر - کل ساز - انجینیر

Engineering, *n.* Art of an engineer : کل سازي کا هنر - توپ خانہ کا کام - علم معماري

Engirdle, *v. t.* To encircle ; to encompass : حلقہ باندهنا - گهیرنا

English, *a.* Belonging to England : انگلستاني - انگریزي

——, *n.* The people or language of England : انگریز - اهل انگلستان انگریزي زبان

Engrave, *v. t.* To cut figures on metal, wood, &c. : - کهودنا کندہ کرنا - نقاشي کرنا - قلمکاري کرنا

Engraving, *n.* The art of cutting on metals, wood. &c.; an engraved plate : کندہ گري - نقاشي - کندہ تصویر

Engross, *v. t.* To purchase the whole ; to absorb : کل یاتهوک خریدنا - جذب کرنا - لگا لینا

Engulf, *v. t.* To swallow up ; to absorb : نگلنا - جذب کرلینا

Syn.—Absorb, swallow up, engross.

Enhance, *v. t.* To raise in esteem or price : to aggravate : شرح یا مول بڑهانا - زیادہ کرنا - بڑهانا - سخت کرنا - سنگین کرنا

Enhancement, *n.* Act of increasing; augmentation : - بيشي زيادتي - اضافه - سنگيني

Enigma, *n.* An obscure question or saying ; a riddle : - معما پهيلي

Syn.—Riddle, puzzle.

Enigmatical, *a.* Containing a riddle ; obscure : - رمز آميز دقيق

Enjoin, *v. t.* To command; to order ; to enforce ; to direct ; to prevent : - فرمانا - حكم دينا تاكيد كرنا -هدايت كرنا - نصيحت كرنا ممانعت كرنا - باز رکهنا

Enjoinment, *n.* A command ; a direction : - فرمان - هدايت نصيحت

Enjoy, *v. t.* To feel or perceive with pleasure ; to delight in ; to have possession of : حظ اُٹهانا - خوشي كرنا - لطف اُٹهانا - لينا - پانا

Enjoyment, *n.* Possession with pleasure ; fruition : حظ - خوشي آرام - آسايش - مزه - لذت - تمتع

Enkindle, *v. t.* To set on fire ; to incite ; جلانا - شلگانا - بهڑكانا

Enlarge, *v. t.* To make larger ; to extend ; to set free : - بڑهانا * **To —upon,** To discuss fully : زياده كرنا - پهيلانا - آزاد كرنا طوالت دينا * **To—the heart,** To encourage : دل بڑهانا - همت دلانا

Syn.—Increase, extend, expand.

Ant.—Lessen, reduce, subtract.

Enlargement, *n.* Increase ; augmentation ; extension ; release : - افزايش - مبالغه -زيادتي فراخي - خلاصي

Enlighten *v. t.* To illuminate ; to instruct : - روشني كرنا - تربيت كرنا

Enlightenment, *n.* Instruction ; knowledge : تربيت - تعليم

Enlist, *v. t.* To enter a name on a list ; to enrol ; فهرست ميں نام درج كرنا - بهرتي كرنا -نوكر كرنا ——, *v. i.* To engage in public service : بهرتي هونا - نوكر هونا

Enliven, *v. t.* To animate ; to cheer : - زنده كرنا - جلانا- همت دينا تيز كرنا - خوش كرنا

Syn.—Animate, inspire, cheer, exhilarate.

Enmesh, *v. t.* To entrap ; to entangle : پهانسنا - گهيرنا

Regardlessness, *n.* Heedlessness ; negligence : لاپروائي - تغافل - غفلت

Regather, *v. t.* To gather or collect again : پھر جمع کرنا

Regatta, *n.* A public boat-race; a sailing match : کشتیونکي دوڑ یا بازي

Regency, *n.* The government of a regent: مدارالمھامي - ریاست - مختاري

Regenerate, *v. t.* To generate or produce anew ; to reproduce ; to renew the moral nature ; to convert : پھر پیدا

کرنا- پھر ظاہر کرنا - تقلیب اُلقلب کرنا- دل پھیرنا - مرید کرنا

Regenerate, *a.* Reproduced ; changed from a natural to a spiritual state : نیا پیدا ہوا - مغیرالقلب

Regeneration, *n.* New birth ; reproduction: نیا جنم - توپیدایش

Regent, *n.* A governor; a ruler; one who governs a kingdom in the minority, absence or disability of a sovereign : عامل - حاکم - بادشاہ - بادشاہ کا قایم مقام - ناظم

Regicide, *n.* The murder or murderer of a king ; a king-killer : قتل یا قاتل سلطان - سلطان کش

Regime, *n.* Form of government : administration ; rule ; mode of living : طرز حکومت - حکم رانی - فرمانروائی - طریق زیست

Regimen, *n.* Orderly government regulation of diet or food : باقاعدہ سلطنت - پرہیز - تدبیر غذا

Regiment, *n.* A body of troops under the command of a colonel : دستہ - جسقدر سپاہ ایک کرنیل کے ماتحت ہوں - رجمنٹ

Regimental, *a.* Belonging to a regiment : متعلق بہ رجمنٹ

Regimentals, *n. pl.* Articles of military dress; the uniform worn by the troops of a regiment : فوجی پوشش کی اشیاء پلٹن یا رسالہ کی وردی

Region, *n.* A tract of land; district ; country ; space : قطع خطہ - ضلع - ملک - حصہ

Register, *n.* An account regularly kept ; a record ; the book in which records are kept : بہی حساب - دفتر - رجسٹر * An organ stop: باجے کی کنجی

——, *v. t.* To record ; to enrol : درج فہرست کرنا - فرد یاد داشت میں لکھنا

Registrar, *n.* An officer appointed to keep public records : محافظ دفتر - رجسٹرار

Registration, *n.* Act of registering ; enrolment : اندراج فہرست

Registry, *n.* The act of entering in a register ; an entry ; facts recorded: رجسٹری - ادخال اندراج - امور درج شدہ

Reglet, *n.* A flat narrow moulding between panels, etc: گولا - گز - کھرچی - دلھے کے بیچ کی چپٹی اور تنگ لکڑیاں

Regnant, *a.* Reigning ; actually ruling ; prevalent : تخت نشین - حکم ران - مروج

Regorge, *v. t.* To vomit ; to swallow again : قے کرنا - نگل جانا

Regrate, *v. t.* To buy (as corn, provisions, etc.) and sell again in the same market : اجناس خرید کر پھر اُسی بازار میں بیچنا

Regress, *n.* Passage back : a return ; the power or liberty

of returning or passing back : باز گشت - نکاس - مراجعت

Regret, *v. t.* To grieve ; to be sorry for ; to lament ; to repent ; to bewail : - رنج کرنا اوداس هونا - غم کرنا - افسوس کرنا - پچهتانا - گریه وزاري کرنا

——, *n.* Grief ; sorrow ; repentance : رنج - غم - تاسف - پچهتاوا

Syn.—Remorse, repentance.

Ant.—Self-approval, impenitence.

Regretful, *a.* Full of regret : دلگیر - ملول - غمگین

Regular, *a.* Agreeable to rule; stated ; orderly ; normal ; methodical ; steady or uniform in a course or practice : حسب معمول - باقاعده - مقرره - درست - معمولي - باضابطه- مستقل - باقرینه

——, *n.* A member of any religious order who has taken the vows of poverty, chastity, and obedience : مسیحیونکے ارس فرقه کا پیرو جسنے پرهیزگاري مفلسي اطاعت اور تارک الدنیاهونیکي قسم کهائي هے * A soldier belonging to a permanent standing army : مستقل فوج کا سپاهي

Regularity, *n.* Agreeableness to rule, or established order ; steadiness; uniformity: باقاعدگي استقلال - همواري - برابري - یکساني

Syn.—Order, rule, method, system.

Regulars, *n. pl.* Troops of the line : صف کے سپاهي - لین کے سپاهي

Regulate, *v. t.* To put in a good order ; to rule ; to arrange ; to direct ; to order ; to adjust by rule or method : ترتیب کرنا - انتظام کرنا - ترتیب دینا سودهارنا - درست کرنا - ٹهیک کرنا - بقدوبست کرنا - باقاعده کرنا

Regulation, *n.* Act of adjusting ; a prescribed rule or order : - انتظام - بندوبست - ضابطه - دستورالعمل - قاعده

Regulator, *n.* One who regulates : منتظم * A contrivance to produce uniformity of motion or regulate it as a watch-spring, fly-wheel &c. : کل کا وه پرزه جو حرکت کي همواري پیدا کرتا هے

Rehabilitate, *v. t.* To restore to former rank ; to reinstate : بدستور قایم کرنا - بحال کرنا

Rehearsal, *n.* Act of rehearsing ; recital ; repetition : دوسرے کي تصنیف کا دوهراؤ - ذکر مکرر - بیان مکرر

Rehearse, *v. t.* To repeat what has been said ; to relate ; to narrate ; to recite before a public representation: - دوهرانا بیان کرنا - ذکر کرنا - عام لوگون کے سامنے پڑهنا

Reign, *n.* Royal authority the time during which a king possesses supreme authority ; kingdom ; dominion ; prevalence ; controlling influence : شاهي حکومت - عهد سلطنت قلبه - سلطنت راج - عمل - عملداري

Reign, *v. i.* To be predominant; to prevail; to rule : غالب ہونا - تسلط کرنا - حکومت کرنا

Reimburse, *v. t.* To repay; to refund; to repair : واپس دینا - پھیرنا - تاوان دینا

Reimbursement, *n.* Repayment : واپسي - ادایگي

Rein, *n.* The strap of a bridle : عنان - لگام - باگ ڈور - راس * A restraint : رکاوٹ * **To give, the—, or--s,** To give license; to leave without restraint : اجازت دینا - بےروک رہنے دینا * **To take the—s.** To assume the government or control : اختیار ہاتھ میں لینا

——, *v. t.* To guide by a bridle; to restrain; to control : باگ پر سادھنا - تھامنا - روکنا - اختیار میں رکھنا - قابو رکھنا

Re-incur, *v. t.* To incur a second time : پھر عاید کرنا

Reindeer, *n.* An animal of the deer kind : ایک قسم کا ہرن

Reinfect, *v. t.* To infect again : پھر اثر کرنا

Reinforce, *v. t.* To strengthen with new force or support : نئي فوج سے مدد دینا - زور دینا - تائید کرنا

Reinforcement, *n.* Additional troops to augment a force : کمک - مدد

Reins, *n. pl.* The kidneys; the inward parts; the heart : گُردہ - اندروني حصے - دل - جي

Reinsert, *v. t.* To insert again; to reintroduce : پھر درج کرنا - پھر داخل کرنا

Reinstal, *v. t.* To put again in possession : پھر داخل کرنا - بیٹھانا

Reinstate, *v. t.* To place again in possession or in a former state : پھر مقرر کرنا - بحال کرنا

Reinstatement, *n.* A placing in a former state : بحالي

Reintegration, *n.* Renewal; restoration : تجدید - بحالي

Reinvest, *v. t.* To invest anew: پھر خلعت بخشنا - پھر مقرر کرنا

Reinvigorate, *v. t.* To invigorate again; to revive vigour in; to reanimate : پھر طاقت دینا - پھر تازہ دم کرنا - پھر زندہ کرنا

Reis, *n.* A head; a chief : رئیس - سردار

Reissue, *v. t.* To issue a second time : پھر جاري کرنا

——, *n.* A second issue; republication : اِجراء ثاني - مکرر اشاعت

Reiterate, *v. t.* To repeat again and again; to say or do repeatedly : مکرر کرنا - بار بار کہنا یا کرنا - دوہرانا

Reiteration, *n.* Repetition : تکرار - دوہراؤ

Reject, *v. t.* To cast off; to throw away; to despise; to decline; to refuse; to repel : برطرف کرنا - ناپسند کرنا - نامنظور کرنا - قبول نہ کرنا - رد کرنا

Rejection, *n.* The act of rejecting ; refusal to accept or grant : انكار - نامنظوري - تردید

Rejoice, *v. t.* or *i.* To make joyful ; to gladden ; to cheer ; to delight ; to feel joy ; to exult ; to triumph : خوش هونا - مسرور کرنا - مغطوظ هونا - شادمان کرنا - مبتهج هونا - خوشي منانا - فخر کرنا

Rejoin, *v. t.* or *i.* To join again ; to meet again ; to answer to a reply : پهر ملانا - پهر ملنا - رد جواب داخل کرنا - تردید کرنا

Rejoinder, *n.* An answer to a reply ; defendant's answer to the plaintiff's application : رد جواب - جواب دعوی

Rejudge, *v. t.* To examine or try again : پهر تجویز کرنا - پهر انصاف کرنا

Rejuvenate, *v. t.* To make young again : پهر جوان کرنا

Rejuvenescence, *n.* The renewal of youth : نئي جواني - تجدید عنوان

Rekindle, *v. t.* To kindle again ; to set on fire again : پهر روشن کرنا - پهر جلانا

Relapse, *v. i.* To fall back from a state of recovery to sickness ; to return to a former state : ارام هوکر بیمار هوجانا - پهلي حالت پر پهر آجانا - پهر مبتلا هونا

——, *n.* A falling back : پلٹا - عود

Relate, *v. t.* or *i.* To recount ; to narrate ; to recite ; to tell over : بیان کرنا - کهنا - پڑهنا - تذکرہ * To stand in some relation ; to refer : کرنا - ذکر کرنا رشتہ یا قرابت رکهنا - متعلق هونا

Related, *a.* Allied by kindred ; connected by blood or alliance : قرابت دار - رشتہ دار

Relation, *n.* Recital ; detail : تذکرہ - بیان * A relative by birth or marriage : رشتہ دار - قرابتي - عزیز

Relationship, *n.* Connection by blood or otherwise : قرابت - رشتہ داري

Relative, *a.* Having relation ; belonging to ; connected with : نسبتي - متعلق - موصولہ - منسوب

——, *n.* A person or thing related ; kinsman : قرابتي - رشتہ دار

Relax, *v. t.* or *i.* To slacken ; to remit ; to mitigate : ڈهیلا کرنا - ڈهیلا هونا - تخفیف کرنا * To unbend ; to divert ; to become careless : ملایم کرنا - کم کرنا چهوڑنا پهیرنا - غافل هونا

Relaxation, *n.* Diminution of tension or firmness ; remission of attention; recreation : ملایمیت - تخفیف - کاهلي - عدم توجهي - تفرج

Relaxative, *a.* Tending to relax : that which relaxes ; laxative : ملائم کرنیوالا - جو ملائم کرے - مسهل - ملین

Relay, *n.* A supply of horses at the stage of a journey : گھوڑونکي ڈاک * Anything laid up in : جمع کي هوئي شے

——, *v. t.* To lay again : پھر جمع کرنا - پھر رکھہ دینا

Release, *v. t.* To set at liberty; to dismiss ; to discharge ; te relinquish : آزاد کرنا - خلاص کرنا - چھوڑانا - چھوڑنا

——, *n.* Setting free ; discharge ; acquittance : - آزادي مخلصي - رهائي - بریت

Relegate, *v. t.* To despatch ; to banish ; to exile ; to transfer : روانہ کرنا - نکالدینا - جلاوطن کرنا - بدلنا

Relegation, *n.* Exile ; banishment : جلا وطني - دیس نکالا

Relent, *v. i.* To soften ; to grow tender ; to yield ; to feel compassion : - ملایم هونا نرم هونا - پسیجنا - پگھلنا - ترس کھانا

Relentless, *a.* Insensible to the distress of others : بے رحم - سنگدل - بے درد

Syn.—Merciless, implacable, pitiless.

Ant.—Merciful, humane, kind.

Relevancy, *n.* State of being relevant ; applicableness: تعلق موافقت - مناسبت

Relevant, *a.* Bearing on the point or purpose; applicable ; pertinent : - موقع کا - برمحل مناسب - معقول

Reliable, *a.* Suitable or fit to be relied on ; trustworthy : معتبر - معتمد - قابل یقین

Reliably, *ad.* In a reliable manner : اعتبار سے - معتبر انہ

Reliance, *n.* That which is relied on; dependence; trust : تفویت - آسرا - بھروسا - اعتقاد

Relic, *n.* Remains of a dead body ; corpse ; a memorial : مُردہ - لاش - نشان - یادگار

Relict, *n.* A woman whose husband is dead ; a widow : - بیوہ رانڈ

Relief, *n.* Succour ; redress ; remedy: assistance; aid ; support ; release from a military post; release : مدد - علاج - اِمداد یاري - پشتي - فوجي عہدہ سے فرصت خلاصي - رهائي * The projection of a figure above the base : تصویر کي سطح کے اوپر اُبھار

Relieve, *v. t.* To release ; to support ; to assist ; to alleviate; to assuage ; to redress ; to ease : - رھا کرنا - مدد کرنا حمایت کرنا - کم کرنا - تخفیف کرنا - فریاد رسي کرنا - تسکین دینا - آرام دینا

Syn.—Succour, aid, help, assist.

Ant.—Oppress, overbear, burden.

Religion, *n.* A system of faith and worship ; pious practice ; duty to God; piety ; devotion : مذهب - ایمان اور پرستش کا طریق - خدا کا فرض - دھرم - ایمان

Religionist, *n.* One devoted to a religion : اهل مذهب

Religious, *a.* Connected with religion; pious; devout: مذهبي عابد - ديندار - دهرماتما

Relinquish, *v. t.* To withdraw from ; to leave behind ; to abandon ; to forsake ; to give up ; to quit : - بازرهنا ترک کرنا - تیاگنا - و گذاشت کرنا - چهوڑنا - دست بردار هونا

Syn.—Leave, quit, forsake, desert, abandon.

Ant.—Seize, grasp, catch.

Relinquishment, *n.* Renouncement : ترک - چهٹکارا

Reliquary, *n.* A small chest for holding relics : آثار قدیم کے رکهنیکا صندوقچه

Relique, *n.* A relic: آثار - کهندهر

Relish, *n.* Taste ; flavour ; savour ; delight in anything ; liking : لذت - ذایقه - مُراد - چاٹ کسي چیز کا مزه یا شوق - لت - چسکا - پسند - اطاف

Relish, *v. t.* or *i.* To taste or eat with pleasure ; to like the flavour of ; to have a pleasing taste ; to savour : - چکهنا مزه پسند کرنا - خوش ذایقه هونا - مزه دینا

Reluctance, *n.* Unwillingness; repugnance : نارضامندي - کشیدگي نفرت

Reluctant, *a.* Unwilling ; averse ; striving against : نارضامند - متنفر - برخاسته خاطر - کشیده خاطر - خلاف

Relume, *v. t.* To rekindle ; to light again : پهر جلانا - پهر روشن کرنا

Relumine, *v. t.* To rekindle : افروختہ کرنا - پهر جلانا

Rely, *v. i.* To rest or confide in ; to depend on ; to trust : اعتبار کرنا - بهروسه کرنا - تکیه کرنا

Remain, *v. i.* To continue ; to endure ; to abide ; to last ; to stay behind : قایم کرنا - ٹهہرنا - برقرار رهنا - باقي رهنا

Remainder, *n.* Anything left ; remnant ; the rest ; residue : بقیه - باقي - ذضل - مابقي - فضله

Remains, *n. pl.* Dead body ; corpse : مُرده جسم - لاش

Remake, *v. t.* To make anew : پهر بنانا

Remand, *v. i.* To call back ; to send back ; to recommit : ٹُلا لینا - بهیجنا - لوٹا دینا - پهر سپرد کرنا

Remark, *v. t.* or *i.* To take notice of ; to observe ; to express in words : لحاظ کرنا - غور کرنا - فرمانا - کهنا - بیان کرنا

——, *n.* Notice ; observation ; comment ; a casual expression : - نگاه - غور - کیفیت - بیان قول - راے

Remarkable, *a.* Observable ; worthy of notice : قابل مُلاحظه یا توجهه * Extraordinary ; unusual : غیر معمولي - نادر - عجیب و غریب * Conspicuous ; well-known : مشهور

Remarkably, *ad.* In a remarkable manner ; singularly : عجیب یا نادر طور سے

Remarry, *v. i.* To marry again: پھر شادي کرنا - دوبارہ بیاہ کرنا

Remediable, *a.* Capable of remedy ; curable : چارہ پذیر - قابل علاج

Remedical, *a.* Affording remedy ; relieving : دافع - چارہ گر

Remedy, *n.* That which cures a disease or counteracts an evil : علاج - دوا - چارہ

——, *v. t.* To cure ; to remove ; to repair ; to relieve · آرام کرنا تدارک کرنا - مرمت کرنا - تسکین دینا

Remember, *v. t.* To bear in mind ; not to forget ; to recall : خیال کرنا - نہ بھولنا - یاد کرنا

Remembrance, *n.* Act of remembering ; memory ; recollection ; a memorial ; a souvenir : یادداشت - حافظہ - یاد - عرض داشت - یادگار

Remembrance, *n.* An officer of the exchequer ; a recorder : * A memento : افسر خزانہ - محافظ دفتر یادگار

Remind, *v. t.* To put in mind ; to cause to remember : - جتانا یاد دلانا - خیال دلانا

Reminder, *n.* One who or that which reminds : یاد دلانیوالا - تاکید - چتاوني

Reminiscence, *n.* Memory ; recollection ; recovery of ideas : یاد - حافظہ - شدھ

Remiss, *a.* Slack ; negligent ; careless : ڈھیلا - غافل - بے پروا

Remission, *n.* Relaxation ; abatement ; pardon ; forgiveness : ڈھیلاپن - نرمي - معافي - مغفرت

Remit, *v. t.* To send money : * To relax ; to abate ; to forgive ; to refer : روپیہ بھیجنا ڈھیلا کرنا - کم کرنا - معاف کرنا - حوالہ کرنا

Remittance, *n.* Money remitted ; sum transmitted : هنڈي - زر مرسلہ

Remittent, *a.* Temporarily ceasing or abating : جو کچھ دیر کے لئے کم ہو جاوے - انترا

Remnant, *n.* That which is left ; residue ; remainder : بقیہ - سابقي - باقي

Remodel, *v. t.* To fashion or model anew : ازسرنو بنانا

Remonstrance, *n.* A strong representation against any measure ; expostulation : موجبات گلہ گذاري - شکایت - عرض حال - حجت

Remonstrate, *v. i.* To urge reasons against ; to expostulate: حجت پیش کرنا - شکایت آمیز عرضي پیش کرنا - گلہ گذاري کرنا

Remorse, *n.* The reproach of conscience ; regret ; compunction : ٹاسف - پچھتاوا - غم - ندامت

Remorseless, *a.* Unfeeling ; cruel : بے درد - بے رحم - سنگدل

Remote, *a.* Distant in place or time ; far off ; alien: دور - دير - دور دراز - الگ - غير

Remoteness, *n.* Distance ; not nearness : دوري - ناصلہ - تفاوت

Remount, *v. t.* or *i.* To mount again ; to reascend : پھر سوار ہونا - پھر چڑھنا

Remove, *v. t.* or *i.* To go from one place to another ; to change residence : ایک جگہہ سے دوسري جگہہ جانا - نقل مکان کرنا * To put away : ہٹانا - الگ کرنا

Removal, *n.* Act of removing; departure ; change of place : تبدیلي - کوچ - نقل مکان

Remunerable, *a.* Capable of being remunerated : قابل معاوضہ - صلہ کے لایق

Remunerate, *v. t.* To repay ; to recompense : ادا کرنا - اجرت دینا - صلہ دینا - اجر دینا

Remuneration, *n.* A recompense for services ; a reward : معاوضہ - حق السعي - انعام

Remunerative, *a.* Yielding a sufficient return : اجرت دہ - جزا بخش

Renal, *a.* Relating to the kidneys or reins : متعلق بہ گردہ

Renard, Reynard, *n.* A name for the fox : لومڑي

Renascency, *n.* State of being reproduced : نئي پیدایش

Rencounter, *n.* A meeting of two persons or bodies ; collision ; sudden conflict ; a clash : دو شخص یا جسم کا ملنا - ٹکر - دھکا

Syn.—Clash, shock, collision.

Rend, *v. t.* To tear with violence ; to split ; to lacerate : پھاڑ ڈالنا - چیرنا - نشتر دینا

Render, *v. t.* To return; to pay back ; to translate ; to afford: حوالہ کرنا - واپس کرنا - ترجمہ کرنا - دینا

Rendezvous, (ren'de-voo) *n.* A place of meeting or resort : اجتماع کا مقام - جمع ہونیکي جگہہ

——, *v. i.* To assemble at a particular place : کسي خاص جگہہ جمع ہونا

Rendition, *n.* A surrendering : حوالگي * Translation : ترجمہ

Renegade, *n.* An appostate from a religious faith ; deserter : تارک الدین - منکر دین

Renew, *v. t.* To make new ; to repeat ; to repair ; to begin again ; to grant or to accept a new bill or note : تازہ کرنا - دوہرانا - مرمت کرنا - از سر نو شروع کرنا - نیا بل دینا یا قبول کرنا

Reniform, *a.* Having the form or shape of the kidneys : بہ شکل گردہ

Rennet, *n.* A kind of apple : ایک قسم کا سیب

Renounce, *v. t.* To give up ; to resign ; to disavow ; to disown ; to disclaim ; to cast off ; to reject : چھوڑنا - دست بردار ہونا - قبول نہ کرنا - انکار کرنا - ترک کرنا - خارج کرنا - نامنظور کرنا

Syn.--Relinquish, abandon, forego, resign, abjure, forsake, leave.

Renovate, *v. t.* To make new; to renew : نيا كرنا - تجديد كرنا

Renown, *n.* Fame; reputation; celebrity : شهرت - نام آوري - نام

Renowned, *a.* Celebrated; famous; eminent : مشهور - نامور - نامي

Rent, *n.* A fissure; tear; a split : درز - شق - شگاف * Annual payment for field, house, etc.; rental revenue : كرايه - لگان - مالگذاري - محصول

——, *v. t.* or *i.* To let to a tenant; to lease; to take by lease : كرايه يا لگان پر دينا - پٹه دينا - پٹه پر لينا

Rental, *n.* Rent-roll; the annual amount of rents : جمعبندي - فرد لگان - سالانه زر لگان

Renter, *v. i.* To sew finely; to fine draw : باريک سينا - رفو كرنا

Rentes, (F.) *n. pl.* Funds bearing interest; stocks : نقد جسکا سود ملے - اسٹاک

Renunciation, *n.* Act of disowning; refusal; rejection : نا منظوري - انكار - ترک

Re-open, *v. t.* To open again : پھر کھولنا - پھر شروع كرنا

Reordian, *v. t.* To ordian again : پھر مقرر كرنا

Reorder, *v. i.* To order a second time : پھر حكم دينا

Reorganise, *v. t.* To organise anew : از سر نو ترتيب دينا - ترميم كرنا

Repair, *v. t.* or *i.* To amend; to rebuild; to retrieve; to go; to resort : مرمت كرنا - درست كرنا - از سر نو بنانا - نقصان پورا كرنا - جانا - رجوع كرنا

——, *n.* Restoration to a sound state after decay; reparation; mending; patching; abode; resort; haunt : درستي - مرمت - سنوار - پيوندكاري - مكان - مسكن - آمد و رفت كي جگهه

Reparation, *n.* Repair : مرمت - درستي * Indemnification for loss or damage : تاوان - بدلا - عوض

Repartee, *n.* A smart, ready and witty reply; witty retort : معقول في البديه جواب - ظريفانه جواب

——, *v. t.* To make a smart and witty reply : حاضر جوابي كرنا - ظريفانه جواب دينا

Repartition, *n.* A division into smaller parts : چھوٹے حصوں میں تقسیم

Repast, *n.* A meal; victuals; food; feast : طعام - كهانا - ناشتا - دعوت

Repay, *v. t.* To pay back; to reimburse; to refund; to reward; to requite; to recompense : پھر دينا - پورا كرنا - واپس كرنا - انعام دينا - جزا دينا - معاوضه دينا

Repeal, *v. t.* To annul; to revoke by authority; to abrogate : رد كرنا - منسوخ كرنا - فسخ كرنا - موقوف كرنا

Repeal, *n.* Annulling ; abrogation ; revocation : تردید - منسوخي - فسخ - ابطال

Repeat, *v. t.* To do or speak again ; to renew ; to reiterate ; to relate ; to recite : مکرر کرنا یا کہنا - تازہ کرنا - دوہرانا - بیان کرنا - پڑھنا

Repeatedly, *ad.* Frequently : بار بار - مکرر

Repel, *v. t.* To drive back ; to repulse ; to oppose ; to resist : پیچھے ہٹانا - پس پا کرنا - روکنا - تعرض کرنا - مزاحمت کرنا

Repent, *a.* Creeping as a plant : بیل کي طرح سے پھیلنے والا

——, *v. t.* or *i.* To feel sorrow for something done or left undone ; to remember with sorrow : پچھتانا - تاسف کرنا

Repentance, *n.* Act of repenting ; sorrow ; penitence : پچھتاوا - تاسف - توبہ

Syn.—Penitence, contrition, remorse.

Repentant, *a.* Sorrowful for sin ; penitent : گناہ سے متاسف - توبہ کرنیوالا

——, *n.* One who repents : توبہ کرنیوالا - مستغفر

Repercussion, *n.* Act of driving back ; reverberation : پلٹاؤ - گونج

Repertory, *n.* A place in which anything can be easily found ; a treasury : مخزن گنجینہ - خزانہ

Repetition, *n.* Act of repeating : دوہراؤ

Repine, *v. i.* To murmur ; to complain ; to fret : بڑبڑانا - شکایت کرنا - کڑھنا - غم کرنا - گھلنا

Replace, *v. t.* To substitute ; to refund ; to repay : عوض میں رکھنا - واپس کرنا - ادا کرنا - چکنا

Replant, *v. t.* To plant again : پھر نسب کرنا - پھر لگانا

Replenish, *v. t.* To supply ; to stock ; to fill again : دینا - پورا کرنا - پھر دینا - بھرپور کرنا - لبریز کرنا

Replenishment, *n.* Supply : بھرپوري - معموري

Replete, *a.* Full ; completely filled ; quite full : پورا - بھرپور - لبریز

Repletion, *n.* Fulness ; surfeit : معموري - بھرپوري

Syn.—Satiety, superabunda nce.

Ant.—Exhaustion, emptiness, vacuity.

Replevy, *v. t.* To take back, by writ, things illegally seized: ناجائز طور پر فرق کي ہوئي چیز کو بذریعہ حکم عدالت واپس لینا

Replice, *n.* A copy of a painting by the artist who executed the original : تصویر کي نقل جو اصل مصور کرے

Replicate, *a.* Folded back : تہہ کیا ہوا - دوہرایا ہوا

Replication, *n.* Reply ; an answer ; the reply of the plaintiff to the defendant's plea : تردید جواب - رد جواب - رد کلام - جواب الجواب

Replier, *n.* One who replies : جواب دینیوالا

Reply, *v. i.* To answer ; to respond : جواب دینا - اُتر دینا

——, *n.* An answer ; a response: جواب - اُتر

Repolish, *v. t.* To polish again: پھر جلا دینا - پھر صیقل کرنا

Report, *v. t.* or *i.* To give an account of ; to relate ; to describe ; to make an official return or statement; to charge with neglect ; to act as a reporter for the press : کیفیت لکھنا - بیان کرنا - کہنا - خبر دینا - رپٹ کرنا - سرکاري طور پر اطلاع دینا - شکایت کرنا - اخبار کے لیئے خبر نویسي کرنا * **To—one's self,** To give information of one's arrival : آمد کي خبر دینا

——, *n.* A statement of fact : حال صورت * An official statement : رپٹ سرکاري - کیفیت * Rumour ; repute : افواہ - شہرت * Loud noise as of a gun : دھڑاکے کي آواز

Reporter, *n.* One who reports the proceedings of courts of other public bodies : کیفیت نویس

Repose, *v. t.* or *i.* To lay at rest ; to lie ; to sleep ; to rest in confidence; to deposit : آرام کرنا - لیٹنا - سونا - بھروسا رکھنا - سونپنا - سپرد کرنا - جمع کرنا

——, *n.* Sleep ; rest ; ease ; mental tranquillity : - استراحت آرام - آسودگي - اطمینان - دلجمعي

Reposit, *v. t.* To lay up ; to lodge for safety : دھرنا - رکھنا - حفاظت کے واسطے رکھنا

Repository, *n.* A place where things are laid up or deposited for safety : وہ جگھہ جہاں حفاظت کے واسطے چیز رکھي جاوے - خزانہ - گنجینہ

Syn.—Depository, repertory, depot, magazine, conservatory, treasury.

Repossess, *v. t.* To possess again : پھر قابض ہونا - پھر پانا

Reprehend, *v. t.* To accuse ; to censure ; to reprove : الزام لگانا - ملامت کرنا - زجر کرنا

Reprehensible, *a.* Censurable ; culpable : قابل الزام - تقصیر وار

Reprehension, *n.* Blame ; reproof ; censure : - الزام - ملامت زجر

Reprehensive, *a.* Given to reproof : ملامت آمیز

Represent, *v. t.* To exhibit ; to describe ; to show ; to personate ; to act for ; to stand for : - ظاہر کرنا - بیان کرنا نمود کرنا - روپ کسنا - سوانگ بنانا - نقل کرنا - قائم مقام ہونا - نائب ہونا

Representation, *n.* Act of describing ; a description : بیان * Likeness : - تصویر شبیہ عرضداشت - * Petition ; memorial: عرضي

Representative, *a.* Exhibiting a likeness: صورت نما - مشابہ * Acting for others : قائم مقام

——, *n.* One who or that which exhibits likeness of another :

هم شکل * An agent; a deputy; a substitute : مختار - قائم مقام

Repress, *v. t.* To subdue; to crush down; to check; to restrain : - دبانا - فروکرنا - کچلنا مسلنا - روکنا - باز رکھنا - منع کرنا - تھامنا

Repression, *n.* Act of repressing; check; restraint: - انسداد روک - دباؤ

Repressive, *a.* Tending to repress : دبانیوالا - مانع - دافع

Reprieve, *v. t.* To alter a sentence of death; to respite after sentence of death : سزاے قتل ملتوي رکھنا - سزاے موت کے بعد وقفہ یا مہلت دینا

——, *n.* The temporary suspension of the execution of sentence of death : سزاے قتل کي عارضي التوا

Reprimand, *v. t.* To chide for a fault; to reprehend : چشم نمائي کرنا - زجر کرنا - گھوڑنا - ڈانٹنا - پھٹکارنا - ڈپٹنا

——, *n.* A public or private reproof for a fault committed : قصور کے واسطے ڈانٹ - زجر - گھوڑکي

Reprint, *v. t.* To print again; to print a second edition : پھر چھاپنا - دوبارہ چھاپنا

——, *n.* A new impression or edition of a book : - طبع جدید طبع ثاني

Reprisal, *n.* Retaliation for injury or wrong : - بدلا - عوض - اِنتقام

Reprise, *n.* Act of taking by way of retaliation : - معاوضہ بدلا

Reproach, *v. t.* To charge with a fault in severe language; to reprimand; to rebuke; to revile; to blame : اِلزام لگانا - ملامت کرنا - ڈانٹنا - نصیحت کرنا - بدنام کرنا

——, *n.* Blame; censure; rebuke; abuse : الزام - ملامت - چشم نمائي - گالي

Reproachful, *a.* Upbraiding; opprobrious : ملامت آمیز - ناشا یستہ

Reprobate, *v. t.* To disdain; to reject : ناپسند کرنا - نامنظور کرنا

——, *a.* Disallowed; abandoned : نا مقبول - ناپسندیدہ

——, *n.* One lost to virtue; a profligate : - اوباش - رند - خوار خستہ - مردود - فاجر - خراباتي

Reproduce, *v. t.* To produce again; to generate; to renew the production of; to bring to the memory : - پھر پیدا کرنا پیداوار کي تجدید کرنا - یاد دلانا

Reproduction, *n.* Act of reproducing : پیداوار - از سر نو پیدائش

Reproof, *n.* Public rebuke; express censure; reprimand; reproach : - ملامت - ڈانٹ - زجر - توبیخ - عتاب - جھڑکي - پھٹکار

Reprovable, *a.* Worthy of reproof; deserving censure; culpable; blamable : لایق ملامت - ڈانٹ کے قابل - زجر کے لایق - قابل سرزنش - الزام کے لایق

Reprove, *v. t.* To chide to the face ; to censure ; to blame ; to rebuke ; to reprimand: چشم نمائي كرنا - ملامت كرنا - إلزام لگانا - ڈانٹنا - پھٹكارنا

Reptile, *n.* A creeping animal: كيڑا مكوڑا

——, *a.* Grovelling : رينگنے والا

Republic, *n.* A form of government in which the supreme power is invested in representatives elected by the people; commonwealth : سلطنت جمهوري - وہ سلطنت جسميں اختيارات رعايا كے منتخب كيئے هوئے اشخاص كو ملتے هيں

Republican, *a.* Having the character of a republic: جمهوري

Republicanism, *n.* A republican form of government : جمهوري سلطنت

Republication, *n.* A second issue or reprint of something before published ; a reprint : اشتهار ثاني - طبع ثاني - طبع جديد - دوسرا چهاپا

Republish, *v. t.* To publish anew; to reprint : ازسر نو مشتهر كرنا - پهر چهاپنا

Repudiate, *v. t.* To divorce ; to cast off ; to reject ; to disavow; to disclaim; to disown : چهوڑ دينا - طلاق دينا - پهينكدينا - انكار كرنا - نامنظور كرنا - قبول نه كرنا - دست بردار هونا

Repudiation, *n.* A divorce ; rejection : طلاق - كنارہ كشي

Repugnance, *n.* Reluctance ; unwillingness ; aversion ; dislike ; inconsistence : نفرت - ناخوشي - كراهيت - ناراضي - مخالفت

Repugnant, *a.* Contrary ; averse ; unwilling : بر خلاف - مخالف - ناخوش

Repulse, *v. t.* To beat back ; to repel ; to drive off : پس پا كرنا - هٹا دينا - هزيمت دينا - شكست دينا

——, *n.* Act of repelling ; denial ; refusal: هزيمت - انكار - نفي

Repulsion, *n.* Act of driving back ; repugnance : هزيمت - نفرت

Repulsive, *a.* Forbidding : نفرت انگيز - كريه - مانع

Reputable, *a.* Worthy of repute ; respectable ; honorable; of good repute: شهرت كے لايق - باحرمت - عزت والا - نيك نام

Reputation, *n.* Good name ; fame ; esteem : نيك نامي - شهرت - عزت

Repute, *n.* Established opinion ; good character : ساكهه - نيك چلن - ناموري - شهرت

Reputedly, *ad.* In common opinion : عزت - ساكهه سے

Request, *n.* Petition : entreaty ; suit ; desire ; demand : عرض - التماس - مقدمه - خواهش - درخواست

——, *v. t.* To ask earnestly ; to express desire for or to ; to entreat : to beg ; to solicit :

التجا کرنا - چاهنا - التماس کرنا - مانگنا - استدعا کرنا

Requiem, *n.* A hymn for the dead : فاتحه - درود

Require, *v. t.* To claim as by right ; to demand ; to need ; to stand in want of : - طلب کرنا مانگنا - چاهنا - احتیاج رکهنا

Requirement, *n.* Demand ; requisition : مانگ - طلب - ضرورت

Requisite, *n.* Needful required ; indispensable ; essential ; necessary : - ضروري مطالوب - لابد - لازم - درکار - ناگزیر

Requisite, *n.* Something indispensable ; that which is necessary : شے مطالوب - ضروري چیز - امر ناگزیر

Requisition, *n.* Act of requiring ; demand ; a written invitation or call : طلب - درخواست - نوید

Requital, *n.* Reward ; compensation ; recompense ; retribution : - اجر - بدلا - مکافات عوض

Requite, *v. t.* To repay ; to recompense ; to compensate ; to punish ; to retaliate : بدلا دینا - جزا دینا - معاوضه دینا - سزا دینا - بدي کے بدلے بدي کرنا

Rereward, *n.* The rear-guard : محافظ عقب - پیچهے کے نگهبان

Rescind, *v. t.* To cut off ; to abolish ; to repeal ; to annul : کاٹ ڈالنا - موقوف کرنا - منسوخ کرنا

Rescission, *n.* Act of rescinding ; a cutting off ; abrogation: منسوخي - کاٹ - نسخ - تنسیخ

Rescript, *n.* An edict or decree ; an official answer ; a counterpart : - فرمان - منشور سرکاري جواب - مثنی

Rescue, *v. t.* To take back ; to set free from danger ; to liberate : واپس لینا - خطرہ سے چهوڑانا - آزاد کرنا - بچانا

Syn.—Save, redeem, release, ransom.

Ant.—Surrender, relinquish.

Rescue, *n.* Deliverance from imprisonment or danger : خطرہ یا قید سے رهائي - خلاصي - مخلصي

Research, *n.* Inquiry ; careful search : تفتیش - تحقیقات - تلاش - جستجو

Reseize, *v. t.* To seize again : پهر پکڑنا - گرفتار کرنا

Resemblance, *n.* Similarity ; likeness ; representation ; image : - مشابهت - تشبیه - تمثیل مطابقت - صورت

Syn.—Similitude, semblance, analogy.

Ant.—Dissimilarity, original.

Resemble, *v. t.* To be like to ; to liken ; to compare : مشابهه هونا - ملانا - مطابق کرنا

Resent, *v. t.* To take ill ; to be angry at : بُرا مانتا - ناراض هونا - غصه هونا - خفا هونا

Resentment, *n.* Anger ; displeasure ; indignation : - غصه ناراضگي - ناخوشي - غضب - خشم

Reservation, *n.* Act of keeping back : روکاوٹ - پس‌اندازي * Reserve : بچت - محفوظ شے * A proviso : شرط - قید

Reserve, *v. t.* To keep in store ; to retain : ذخیرہ رکھنا - رکھۂ چھوڑنا - بچا رکھنا

——, *n.* Something kept for future use : بچت - پس انداز * Body of troops kept for an emergency : ضرورت کے لیئے پس انداختہ فوج * Modesty ; coldness ; sullen-ness ; caution : حجاب - سرد مہري - کشیدگي - احتیاط

Reserved, *a.* Not frank ; cautious ; cold : ناآشنا مزاج - سنکوچي - سرد مہر

Reservedly, *ad.* Cautiously ; coldly : بہ احتیاط - سرد مہري سے

Reservedness, *n.* Want of frankness or freedom : رو کاوٹ - روکھاپن

Reservoir, *n.* A place for the storage of water ; پاني کا خزانہ - تالاب - حوض

Reset, *v. t.* To set over again as printed matter : چھپي ہوئي شے کو پھر جمانا

Resettle, *v. t.* To settle again : پھر ٹھہرانا - پھر قایم کرنا

Reshape, *v. t.* To shape anew : پھر گڑھنا یا بنانا

Reship, *v. t.* To ship what has been imported : پھر جہاز پر لانا

Reside, *v. i.* To dwell permanently ; to live ; to inhabit : ہمیشہ کے لیئے رھنا - بودباش کرنا - سکونت کرنا - بسنا

Residence, *n.* A place of abode ; dwelling ; habitation : مسکن - سکونت - گھر - مکان

Syn.—Habitation, dwelling, abode, mansion.

Residency, *n.* The official dwelling of a government officer : سرکاري افسر کے رھنیکا مقام

Resident, *n.* One who dwells in a place for sometime : باشندہ * A public minister of a foreign court : شاہي وکیل جو سلطنت غیر میں متعین ہو

Residual, *a.* Remaining after a portion has been taken : پس‌ماندہ - بقیہ - باقي

Residuary, *n.* Entitled to the remainder : باقي کا مستحق

Residue, *n.* That which is left ; the remainder : بقیہ - باقي

Resign, *v. t.* To give up ; to give back ; to relinquish ; to submit : چھوڑ دینا - دیدینا - دست بردار ہونا - تسلیم و رضا اختیار کرنا

Resignation, *n.* Act of resigning ; submission ; surrender : استعفا - توکل - متابعت - تابعداري - سپردگي

Resilience, *n.* Act of springing back ; a recoil: - پیچھے کي طرف جست - اولٹي پھلانگ - باز گشت - پلٹا

Resin, *n.* A hard inflammable gum : رال - دھوپ - دھونا

Resiniferous, *a.* Yielding resin : جس میں سے دھونا نکلے

Resinous, *a.* Containing resin: دھرنا ملي هوئي

Resist, *v. t.* To stand against; to oppose; to withstand; to strive against: - مقابلہ کرنا - روکنا - اڑنا - باز رکھنا

Resistance, *n.* Opposition; hinderance: مقابلہ - تعرض - روک

Resistibility, *n.* The quality of being resistible: مزاحمت پزيري - روکنے کي قابليت

Resistible, *a.* Capable of being resisted: روکنے کے قابل - مزاحمت پزير

Resistless, *a.* Irresistible; helpless: - بے مزاحمت - بے اختيار بے چارہ

Resolute, *a.* Decided; firm; steady: مستقل - مضبوط - ثابت قدم

Resoluteness, *n.* Unshaken firmness: استقلال - استحکام - ثابت قدمي

Resolution, *n.* Fixed determination: عزم - ارادہ * Analysis: تفريق * A formal decision passed by a public body: - راے تجويز - فيصلہ

Resolvable, *a.* Capable of being resolved: حل هونيکے لايق - قابل تشريح - قابل تجويز

Resolve, *v. t.* To separate the component parts of; to solve; to clear; to determine: اجزا جدا کرنا - حل کرنا - تشريح کرنا - تجويز کرنا - بچارنا - قصد کرنا

——, *n.* Fixed purpose; determination: - عزم - تجويز ارادہ - راے

Resolvedness, *n.* Firmness: ثابت قدمي - مضبوطي

Resonance, *n.* Reverberation of sound: - آواز بازگشت - صدا گونج

Resonant, *n.* Resounding; echoing back: صدا انگيز - گونجنے والا

Resort, *v. i.* To have recourse; to frequent; to repair: امد و رفت رکھنا - جانا - گذرنا

——, *n.* Assembly; concourse; frequent meeting; place frequented: مجمع - اژدهام - ملاقات گذر گاہ - اڈا - اکھاڑا

Syn.—Retreat, haunt, den.

Ant.—Avoidance.

Resound, *v. t.* or *i.* To sound back; to echo: - صدا پيدا کرنا گونجنا

Resource, *n.* Any source of aid or support; an expedient: وسيلہ - چارہ - علاج * Pecuniary means: مال - دولت * Contrivance: تدبير

Respect, *v. t.* To honour; to esteem: - عزت کرنا - تعظيم کرنا عزيز جاننا

——, *n.* Honour; estimation; regard; relation: عزت - تعظيم تکريم - ادب - خيال - توجہ - علاقہ

Respectable, *a.* Worthy of respect; reputable: معزز - قابل تعظيم - مشہور - نامي

Respectful, *a.* Civil; full of respect; reverential: - با ادب صاحب امتياز - مودب

Respectfully, *ad.* In a respectful manner : مردبانہ - عزتاً

Resperse, *v. t.* To sprinkle : چھڑکنا - بکھیرنا

Respiration, *n.* The act of breathing : دم کشي - تنفس - سانس

Respirator, *n.* An instrument of fine wire for covering the mouth to prevent cold air reaching the lungs : پتلے تاروں کا آلہ جس سے منھ میں سرد ھوا نہ جاسکے

Respire, *v. t.* or *i.* To breathe-in and out ; to breathe : سانس چھوڑنا - سانس لینا - دم لینا

Respite, *n.* A postponement ; delay ; suspension of punishment; interval: reprieve: التوا - دیر - سزا کي التوا - وقفہ - مہلت

——, *v. t.* To give a respite to ; to reprieve : to suspend: ملتوي رکھنا - آرام دینا - مہلت دینا - موقوف کرنا

Resplendency, *n.* Brilliancy ; splendour : - چمک - جگمگاہٹ آب و تاب

Resplendent, *a.* Very bright ; shining : روشن - چمکیلا - درخشاں منور

Respond, *v. i.* To answer ; to reply : to correspond; to suit : جواب دینا - موافق ھونا - مطابق ھونا

Repondent, *a.* Expected to respond ; answering : جواب دہ

——, *n.* One who answers in a suit or law; defendant : رسپانڈنٹ - جواب دہ - مدعاعلیہ

Response, *n.* An answer ; a reply to an objection : - جواب پاسخ

Responsibility, *n.* That for which one is responsible : جوابدہي - ذمہداري - کفالت

Responsible, *a.* Answerable ; accountable : جواب دہ - ذمہ دار مواخذہ دار

Rest, *n.* Tranquillity ; sleep ; quiet ; peace ; pause : - سکون خواب - آرام - امن چین - ٹھہراؤ

——, *v. i.* To be quiet ; to sleep ; to repose ; to die : خاموش ھونا - سونا - آرام کرنا - مرنا

* **To—one's self**, To take rest : آرام لینا - دم لینا

——, *v. t.* To lay at rest ; to place : لٹانا - رکھنا * **To—with**, To lie in the power of ; to depend upon : - قابو میں ھونا منحصر ھونا

——, *n.* Residue ; others : - باقي بقیہ - اور

Restaurant, (reste-rant), *n.* A house or room for the sale of refreshments ; an eating-house : مکان یا کمرہ جہاں کھانا وغیرہ پکتا ھو - ڈھابہ - ھوٹل

Restiform, *a.* Formed like a rope : رسي کي شکل کا

Resting-place, *n.* A place for rest : آرام گاہ

Restitution, *n.* The act of restoring : واپسي - بازدہي - پھراؤ

Syn.—Amends, compensation, requital.
Ant.—Deprivation, injury.

Restive, *a.* Unwilling to go; obstinate : جو چلنا نہ چاہے - اڑیل - ھٹی

Restless, *a.* Never resting; continually moving ; unsettled ; unquiet ; sleepless : بے آرام - ھمیشہ پھرنیوالا - بے قرار - بے چین - بے خواب

Restlessness, *n.* Agitation ; unquietness : بے قراري - بے چيني

Restoration, *n.* The act of restoring : واپسي * Renewal ; revival ; recovery : تجديد - بحالي - شفا - تندرستي

Restorative, *a.* Able to restore : شفا بخش - مقوي

——, *n.* A medicine to restore strength : داروے مقوي - طاقت لانيوالي دوا

Restore, *v. t.* To give back ; to return ; to repay ; to rebuild ; to repair ; to renew ; to cure ; to recover ; to revive ; to re-establish ; to resuscitate : پھير دينا - واپس کرنا - معاوضہ دينا - پھر بنانا - مرمت کرنا - پھر تازہ کرنا - آرام کرنا - شفا دينا - پھر جلانا - پھر قايم کرنا - جيوں کا تيوں کرنا

Restrain, *v. t.* To check ; to hold back ; to hinder ; to repress ; to limit : روکنا - باز رکھنا - انسداد کرنا - دبانا - محدود کرنا

Restraint, *n.* Prohibition ; restriction ; a check : ممانعت - روک - پابندي

Restrict, *v. t.* To limit ; to confine ; to restrain within bounds : محدود کرنا - پابند کرنا - مقيد کرنا

Restriction, *n.* A restraint ; confinement ; limitation : پابندي - قيد - تعين

Restringent, *a.* Astringent : قابض

Result, *v. t.* To come out or have an issue ; to issue in : نکل آنا يا منتج ھونا - نتيجہ پيدا کرنا

——, *n.* Effect ; consequence ; inference ; issue ; event ; decision : اثر - نتيجہ - حاصل - موجبات - انجام - فيصلہ

Resultant, *a.* Resulting from combination : نتيجہ - ثمرہ

——, *n.* Effect of two or more forces : کئي قوتوں کا نتيجہ

Resumable, *a.* Capable of being resumed : پھر لينے کے قابل

Resume, *n.* A summing up ; an abstract, or summary : اجمال - خلاصہ - اختصار

——, *v. t.* To begin again after interruption ; to take back : پھر شروع کرنا - پھر لينا

Resumption, *n.* The act of resuming or taking back : باز يابي - باز گيري

Resurrection, *n.* A rising again ; revival from the grave ;

the future state : رست و خیز - قیامت - حشر

Resuscitate, *v. t.* To revive ; to restore to life : تازہ دم کرنا - پھر جلانا - پھر زندہ کرنا

Retail, *v. t.* To sell goods in small quantities : خردہ فروشي * To report as news : خبر دینا

——, *n.* Small sales ; sale at second hand : خردہ فروشي - پھٹکر بکري - پرانی چیز کي بکري

Retailer, *n.* One who sells goods in small quantities : خردہ فروش

Retain, *v. t.* To keep ; to hold ; to keep in mind ; to reserve : to hire : رکھنا - پکڑنا - یاد رکھنا - رکھنا چھوڑنا - کرایہ پر رکھنا

——, *v. i.* To continue ; to remain : قایم رھنا - رھنا

Retainer, *n.* One who retains : رکھنیوالا * An attendant ; a dependant : نوکر - وابستہ * A fee to a counsel : محنتانہ وکیل

Retaliate, *v. t.* To repay ; to revenge : بدلا دینا - عوض لینا

——, *v. i.* To return like for like : جیسے کو تیسا دینا - بدلا لینا

Retaliation, *n.* The return of like for like; reprisal; revenge : مکافات - معاوضہ - بدلا

Retard, *v. t.* To delay ; to hinder; to put off ; to defer ; to prevent progress : دیر لگانا - روکنا - ملتوي رکھنا - موقوف رکھنا - مزاحم ھونا - مانع ھونا

Syn.—Check, obstruct, hinder. Ant.—Accelerate, hurry, urge on.

Retardation, *n.* Act of delaying ; hinderance : مزاحمت - روک - اٹکاؤ

Retch, *v. t.* To make an effort to vomit : اُلٹي کرنا - قے کي کوشش کرنا

Retention, *n.* Power of retaining : گنجایش - سمائي * Memory : یادداشت - حافظہ * Custody: حفاظت

Reticence *n.* State of observing continual silence ; reserve: سکوت - چپ - خاموشي

Reticent, *a.* Silent ; reserved : خاموش - چپ

Reticule, *n.* A little bag of network ; a lady's bag : جالي دار بٹوا - عورتونکا بٹوا یا بیگ

Retiform, *a.* Having the form of net-work : جالي کي شکل کا

Retina, *n.* (*pl.* Retinæ) An expansion of the optic nerve, which receives the impressions resulting in the sense of vision : آنکھہ کا وہ پردہ جس میں پہلے بصارت کا حس ھوتا ھے

Retinue, *n.* A train of attendants on a king or an illustrious personage : جلو - سواري

Retire, *v. i.* To draw back or away ; to withdraw ; to keep aloof : کنارہ کش ھونا - الگ ھونا - الگ رھنا

Retired, *a.* Secluded ; private : گوشہ نشین - خلوت گزیں - مخفي - پوشیدہ

Retiredness, *n.* Solitude ; a state of retirement : گوشہ نشینی - خلوت گزینی

Retirement, *n.* Act of retiring ; seclusion ; privacy ; retreat : - خلوت - عزلت - پوشیدگی تنہائی

Retort, *v. t.* or *i.* To return ; to throw back ; to answer smartly : لوٹانا - پھیر دینا - اُلٹا جواب دینا

——, *n.* A quick and witty response : رد جواب * A chemical vessel for distillation : عرق کھینچنے کا ٹونٹی دار برتن - بھپکا

Retouch, *v. t.* To touch again ; to improve by new touches : - سدھارنا - درست کرنا زینت دینا

Retrace, *v. t.* To trace back or over again : - پھر نقشہ اوتارنا پیچھے ہٹنا

Retract, *v. t.* or *i.* To draw back ; to take back ; to recall ; to abjure ; to revoke : واپس لینا - پھر لینا - رائے بدلنا - انکار کرنا - باطل کرنا - منسوخ کرنا - رد کرنا

Retraction, *n.* Act of drawing back ; recantation ; disavowal: کھینچاوٹ - تردید - منسوخی - انکار - انحراف

Syn.—Revocation, abjuration, recantation.

Ant.—Reiteration, repetition.

Retractive, *a.* Withdrawing : ہٹا لینے والا

Retread, *v. t.* To tread again : پھر کچلنا - پھر چلنا

Retreat, *n* Act of retiring : واپسی - بازگشت * Place of privacy : خلوت - عزلت * Shelter ; refuge : پناہ - امن * Withdrawal of troops : فوج کا ہٹا لینا

——, *v. t.* or *i.* To draw back ; to retire ; to take shelter : کھسکنا - چلا جانا - پناہ گیر ہونا

Retrench, *v. t.* or *i.* To cut off ; to lessen ; to curtail ; to live at less expense ; to economize : کاٹ ڈالنا - کم کرنا - گھٹانا - بہ کفایت گذران کرنا - کفایت شعاری کرنا

Syn.—Curtail, cut, diminish, decrease.

Ant.—Increase, multiply.

Retrenchment, *n.* A cutting off ; reduction : گھٹاؤ - تخفیف * Inner work of a fort : قلعہ کا بھیتری کام

Retribute, *v. t.* To pay back : پلٹا دینا - واپس دینا

Retribution, *n.* A repayment ; compensation ; reward ; punishment ; requital : واپسی - بدلا - معاوضہ - انعام - سزا - مکافات

Retributive, *a.* Rewarding or punishing : جزا بخش - انعام یا سزا دینے والا

Retrievable, *a.* Capable of being retrieved : اصلاح پذیر

Retrieval, *n.* Recovery ; restoration : شفا - حصول - واپسی

Retrieve, *t.* To gain back ; to recover ; to restore ; to repair : پھر حاصل کرنا - شفا پانا - اصلاح پر لانا - مرمت کرنا

Retrocede, *v. t.* or *i.* To grant back ; to go back ; to retire : پھر دینا - پھر جانا - چلے جانا - دست بردار ہونا

Retrocession, *n.* A going back ; recession : واپسي - دست برداري

Retroflex, *a.* Bent backward : پیچھے جھکا ہوا - ٹیڑھا

Retrogradation, *n.* Act of moving backward ; a going backward ; decline in excellence : پیچھے کي حرکت - حرکت معکوس - عمدگي میں کمي

Retrograde, *a.* Tending backward : declining from a better to a worse state : پیچھے کي طرف مائل - تنزلي پر - خراب

——, *v. i.* To go or move backward : پیچھے ہٹنا

Retrogression, *n.* The act of going backward : مراجعت - پلٹنا

Retrospect, *v. i.* To look back ; to review or contemplate on the past : پیچھے دیکھنا - گذشتہ کا خیال یا یاد کرنا

——, *n.* A view of the past ; review ; survey : پس بیني - پس نظري - تحقیقات - مُلا حظہ

Retrospection, *n.* A looking back : خیال زمانہ گذشتہ

Retrospective, *a.* Looking back ; viewing the past : گذشتہ یا پچھلے زمانہ پر نظر کرنے والا

Retrovert, *v. t.* To turn back: پیچھے ہٹانا

Retund, *v. t.* To blunt ; to turn the edge : کند کرنا - دھار مُوڑنا

Return, *v. t.* To go or come again to the same place : لوٹنا - واپس آنا - پلٹنا * To come again to the same condition : حالت اصلي پر آنا * To appear again : پھر ظاھر ہونا * To begin again : پھر سے شروع کرنا

Return, *v. t.* To bring or send back ; to repay ; to requite : پھر لانا - واپس کرنا - ادا کرنا - معاوضہ دینا

——, *n.* A going back ; restitution : * معاودت - واپسي - بھالي Profit of capital or labour : * نفع - سود - پیداوار * Official report ; relapse : کیفیت - نقشہ - اعادہ

Retuse, *a.* blunt : کند

Reunion, *n.* A second union ; union after separation : اتفاق جدید - جدائي کے بعد وصل

Reunite, *v. t.* or *i.* To unite again ; to join after separation ; to join and co-here again : پھر ملنا یا ملانا - جدائي کے بعد اتصال ہونا - پھر جوڑنا یا جڑنا - سٹنا

Reveal, *v. t.* To disclose ; to divulge ; to unveil ; to lay open ; to make known : کھولنا - منکشف کرنا - فاش کرنا - ظاھر کرنا - آشکارا کرنا

Syn.—Disclose, discover.
Ant.—Conceal, cover.

Revealable, *a.* Capable of being revealed : قابل انکشاف - قابل اظہار

Reveille, (re-vel'ye) *n.* The morning beat of drum about break of day to rouse soldiers : صبح کا طبل سپاهیونکے جگانیکے لیئے

Revel, *v. i.* To carouse ; to move playfully : عیش و عشرت کرنا - خوش پهرنا - مست پهرنا

——, *n.* A riotous feast ; a carousal : دهوم دهام کي دعوت - عیش و عشرت

Revelation, *n.* Act of disclosing ; discovery ; divine communication ; the Old and New Testaments ; the Apocalypse : افشا - دریافت - وحي - عهدنامهٔ قدیم و جدید - عهدنامهٔ جدید کي آخري کتاب

Revelry, *n.* Noisy festivity ; carousal : دهوم دهام کي دعوت - عیش و عشرت - بدمستي

Revenge, *v. t.* To return an injury ; to avenge : عوض لینا - بدلا لینا

——, *n.* A malicious infliction of pain ; injury in return for an offence ; injustice ; passion for vengeance : انتقام - بے انصافي - پاداش - بدلا

Revenue, *n.* The income of a state annual profits : آمد مُلک - لگان مالگذاري - سالانه محاصل - جمع یا مُنافع - سالانه آمدني

Reverberate, *v. t.* or *i.* To rebound ; to resound ; to echo; to reflect : - پلٹنا - صدا پیدا کرنا گونجنا - مُنعکس هونا یا کرنا

Reverberation, *n.* Act of reflecting light and heat ; reechoing sound : گرمي یا روشني کا انعکاس - آواز باز گشت - گونج

Revere, *v. t.* To honor ; to reverence ; to regard with respect : - تعظیم کرنا - عزت کرنا ادب کرنا - بُزرگ جاننا - ماننا

Reverence, *n.* Veneration ; an act of respect ; obeisance : * A title applied to priests or ministers : تعظیم - تکریم - ادب - کورنش پادریونکا ایک خطاب

——, *v. t.* To regard with veneration ; to revere : بُزرگ جاننا - تعظیم کرنا - ماننا - ادب کرنا

Reverend, *a.* Worthy of reverence : معظم - بُزرگ * A title of respect given to the clergymen or ecclesiastics: پادریونکا خطاب جیسے پیر و مُرشد وغیرہ

Reverential, *a.* Expressing reverence : مُودب - تعظیمي

Reverently, *ad.* In a reverent manner : مُودبانہ - تعظیم سے

Reverie, *n.* A deep musing ; a wandering thought ; a walking dream : - گهرا خیال خوض - خیال فاسد - خواب بیداري

Reversal, *n.* A change or overthrowing ; alteration : - تبدیلي یا انقلاب - تردید

Reverse, *v. t.* To turn end for end or upside down ; to overthrow ; to subvert ; to make void ; to annul : - اوندها کرنا اولٹ دینا - تهہ و بالا کرنا - منسوخ کرنا - رد کرنا

Syn.—Invert, subvert, repeal.
Ant.—Place, order.

Reverse, *n.* A change ; a turn of affairs ; vicissitude ; misfortune : تبديلي - انقلاب - گردش * The back side, as of a metal or coin : اولٹ پھير - بدقسمتي سکه کي پشت - پيٹھه

——, *a.* Turned backward: اولٹا - معکوس

Syn.—Opposite, converse.
Ant.—Front.

Reversible, *a.* That may be reversed : قابل تنسيخ

Reversion, *n.* Act of reverting : باز گشت * Right of succession to an estate : حق وراثت

Revert, *v. t.* or *i.* To turn back ; to reverse ; to return ; to fall back : اولٹ دينا - پھر پھير دينا - پھرنا - عود کرنا

Review, *v. t.* To look back on ; to re-examine ; to reconsider ; to inspect : پھر نگاه يا ملاحظ کرنا - پھر غور کرنا - نظر ثاني کرنا - معائنه کرنا

——, *n.* A second view ; revision : نگاه - نظر ثاني * Inspection of troops : معائنه سپاه * A periodical containing essays and critical notices : رساله جو مقرر اوقات پر شايع هو اور جسميں کتابونکي حسن و قبح کا ذکر هو

Reviewer, *n.* One who reviews : نظر ثاني کرنيوالا

Revigorate, *v. t.* To add new strength to : نئي طاقت دينا

Revile, *v. t.* To assail with opprobrious language ; to upbraid ; to vilify : بد زباني کرنا - گالي دينا - بُرا کهنا - ملامت کرنا - زجر کرنا - فضيحت کرنا - ذليل کرنا

Revilement, *n.* Act of reviling ; reproach : ملامت - مذمت - فضيحت - بد زباني

Reviler, *n.* One who reviles : فضيحت کرنيوالا - ملامت کرنيوالا

Revisal, *n.* Re-examination ; revision : ملاحظۂ ثاني - نظر ثاني

Revise, *v. t.* To look at again; to re-examine ; to review ; to amend : دوهرانا - پھر ملاحظه کرنا - نظر ثاني کرنا - تصحيح کرنا

——, *n.* A second proof-sheet : تصحيح اغلاط کے لئے چھاپے کي دوسري فرد

Revision, *n.* Act of revising ; re-examination for correction; a review : تصحيح - ملاحظۂ ثاني بغرض اصلاح - نظر ثاني

Revisit, *v. t.* To visit again : پھر ديکھنا - پھر ملاقات کرنا

Revival, *n.* Act of reviving; renewal of life ; a religious awakening : - بحالي - زندگي مذهبي آمادگي

